سلسلۂ مذہب منظوم ترجمہ کلام اللہ شریف

جزو دوم

یعنی

پارہ سیقول

جس کو

آغا شاعر قزلباش دہلوی نے موافق ترجمہ سلف جمیل [illegible]

اور

اسوۃ الاماجد الکرام نواب مولوی سید مہدی علی صاحب شہید
معتمد شہزادگانِ والاتبار دکن نے زیورِ طبع سے مزین فرما کر ہدیۂ ناظرین کیا فجزاہ اللہ خیر الجزاء

سنہ ۱۳۵۱ھ

آغا شاعر اینڈ سنز نے دلی ہملٹن روڈ سے شائع کیا

تہِ دل سے اظہارِ تشکر

اُن جلیل القدر اور کریم النفس ہستیوں کا جنہوں نے بفحوائے کلامِ ربانی وَمَن یُقرِضُ اللہَ قرضاً حسناً فیضٰعفہٗ لہٗ اضعافاً کثیرۃً بیک جنبشِ لب صدہا روپیہ کی رقوم کرامت فرما کر ثواب عظیم کمایا۔ فجزاھُمُ اللہُ جزاءً موفوراً وجعل سعیھم مشکوراً۔

اسمائے گرامی اُن حضرات کے یہ ہیں

(۱) نوّاب سالار جنگ بہادر — حیدرآباد دکن

(۲) نوّاب حسام الملک خان خاناں بہادر — ''

(۳) نوّاب مشیر جنگ بہادر — ''

(۴) نوّاب عنائت جنگ بہادر — ''

(۵) عالیجناب خان بہادر سید سجاد حسین صاحب نائب رزیڈنٹ گوالیار ریزیڈنسی۔

(۶) سیٹھ کریم بھائی فضل بھائی ممبر کونسل بمبئی۔

(۷) خان بہادر قاضی عزیز الدین خان صاحب دیوان بہادر ریاست دتیا (بندیلکھنڈ)

(۸) کپتان محمد یوسف خان صاحب پنشنر۔ گوالیار۔ اسٹیٹ رئیس خورجہ

المعلن

آفتاب علی خان مسرور، خازن

قرآن منزل ہیملٹن روڈ۔ دِلّی۔

قال اللہ تعالیٰ جل شانہٗ

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

قرآن پاک ہمنے آسان کر دیا ہے
بس ہے کوئی پڑھے جو، سوچے نصیحتیں لے

ہزار شکر اُس قوی و قادر کا جس کے فضل و کرم
خاص سے مسلمانوں کے قدیم اُردو ترجمے کے موافق

منظوم ترجمۂ قرآن مجید

پارۂ دوم
جسکی عربی عبارت کے تحت میں قدیم ترجمہ بھی موجود ہے
مُترجمہ
تلمیذ الرحمٰن افسر الشعرا آغا شاعر قزلباش دہلوی

مطبوعہ زراعتی مشین پریس چار مینار

نگارستان ایجنسی دہلی - موری دروازہ سے طلب کیجیے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے (جو) نہایت رحم والا مہربان ہے

ہے نام سے خدا کے آغاز کا اُجالا | جو مہرباں بڑا ہے بیحد جو رحم والا

سَیَقُوۡلُ السُّفَہَآءُ مِنَ النَّاسِ

اب کہیں گے بے وقوف لوگ

مَا وَلّٰىہُمۡ عَنۡ قِبۡلَتِہِمُ الَّتِیۡ کَانُوۡا عَلَیۡہَا

کاہے پر پھر گئے اپنے قبلے سے جس پر تھے

انسانوں میں سے ناداں اب جلد یہ کہیں گے | کس چیز نے ہے پھیرا قبلے سے اِنکو ان کے

جس پر کہ تھے یہ پہلے جس قبلے کے تھے پیرو | پڑھتے تھے یہ نمازیں منہ کرکے جس طرف کو

قُلۡ لِّلّٰہِ الۡمَشۡرِقُ وَ الۡمَغۡرِبُ

تو کہہ اللہ کی ہے مشرق اور مغرب

کہدو خدا کے ہیں سب مشرق بھی اور مغرب | (سمتیں اُسی کی ہیں سب، محکوم چار جانب)

یَہۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ

چلادے جس کو چاہے سیدھی راہ

چاہے جسے وہ مالک لیجائے سیدھے رستے | (جس کو کرے ہدایت فضل و کرم ہیں اُسکے)

وَ کَذٰلِکَ جَعَلۡنٰکُمۡ اُمَّۃً وَّسَطًا

اسی طرح کیا ہے ہم نے تمکو اُمت معتدل

اور بس اسی طرح سے ہم نے تمہیں بنایا | اِک بین بین اُمت اِک بیچ کا سا فرقا

لِتَكُونُوا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا

کہ تم ہو بتانے والے لوگوں پر اور رسول ہو تم پر بتانے والا

اس واسطے کہ تم تو لوگوں پہ دو گواہی | اور ہوں تمہارے شاہد پیغمبر الٰہی

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِى كُنْتَ عَلَيْهَآ

اور وہ قبلہ جو ہم نے ٹھہرایا جس پر تو تھا

اور ہم نے کب کیا تھا قبلہ جدھر تھے پہلے؟ | لیکن یہ جاننا تھا، تھے امتحان اسکے

اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ

نہیں مگر اس واسطے کہ معلوم کریں کون تابع رہیگا رسول کا اور کون پھر جاویگا الٹے پاؤں

حکم رسول پا کر کون اس کو مانتا ہے؟ | کس نے ہی پیروی کی کون الٹا پھر گیا ہے؟

وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ

اور یہ بات بھاری اُن پر جن کو راہ دی اللہ نے

(قبلے کا یہ بدلنا) سب پر ہی شاق گذرا | لیکن سوائے ان کے ہادی تھا جن کا مولا

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ

اور ایسا نہیں کہ ضائع کرے تمہارا یقین لانا

(وہ رب نہیں ہے ایسا ادہام ہیں یہ سارے) | وہ، اور ضائع کر دے ایمان کو تمہارے؟

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

البتہ اللہ لوگوں پر شفقت رکھتا ہے مہربان

بیشک بڑی محبت کرتا ہے حق تعالےٰ | بندوں پہ مہرباں ہی بیحد ہی رحم والا

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ

ہم دیکھتے ہیں پھر پھر جانا تیرا منہ آسمان میں

ہم دیکھتے ہیں بیشک، نظروں میں ہے نظارا | یہ آسماں کی جانب منہ پھیرنا تمہارا

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا

سو البتہ پھیریں گے تجھکو جس قبلہ کی طرف تو راضی ہے

بس پھیر دینگے ہم خود اس سمت رخ تمہارا | جو دل پسند قبلہ، ہے دل سے تمکو پیارا

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط

اب پھیر منہ اپنا طرف مسجد حرام کے ا

پھر۔ اور چاہیئے کیا؟ تو اپنا مدعا لو ا مسجد جو محترم ہے رُخ اس طرف پھرا لو

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ط

اور جس جگہ تم ہو اکرو پھیرو منہ اپنے اسی کی طرف

اور اب جہاں کہیں بھی جس جا ہُوا کرو تم اس کی ہی سمت اپنا رُخ کر لیا کرو تم

وَإِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ط

اور جن کو ملی ہے کتاب البتہ جانتے ہیں کہ یہی ٹھیک ہے ان کی طرف سے

جن کو کتاب دی ہے انپر ہے خوب روشن (تحویل قبلہ) حق از رب (دشت امین)

وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ٥

اور اللہ بے خبر نہیں اُن کاموں سے جو کرتے ہیں ۔

جو کچھ وہ کر رہے ہیں سب آئینہ ہے اُسپے غافل نہیں خدا ہے انکے کیئے دھرے سے

وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ

اور اگر لا دے کتاب والوں کے پاس ساری نشانیاں

جبکو کتاب دی ہے اس قسم کے ہیں وہ تو ساری نشانیاں بھی تم انکے آگے دھر دو

مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ج

نہ چلیں گے تیرے قبلے پر

تو بھی ۔ تمہارے قبلے کی پیروی ہوگی پھر بھی نہیں کرینگے وہ پیروی تمہاری

وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ج

اور نہ تو مانے ان کا قبلہ

اور نہ تمہیں یہ شایاں جو متبع ہو تم (یعنی کہ) انکے قبلے کی پیروی کرو تم

وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ط

اور نہ ان میں ایک مانتا ہے دوسرے کا قبلہ

اور انمیں کا بھی کوئی ہرگز نہیں ہے ایسا جو دوسرے قبلے کی پیروی کریگا

وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ

اور کبھی تو چلا اُن کی پسند پر بعد اُس علم کے جو تجھکو پہنچا

اور ہاں جو تم نے صنولی کچھ انکی خوشنودی | بعد اسکے جبکہ تم کو علم ہو چکا ہے کافی

اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ

تو بیشک تو بھی ہے بے انصافوں میں

(یہ مشکل ہے تو تم بھی خطرے میں ہو یقینی) | پھر تو تمہاری گنتی بھی ظالموں میں ہوگی

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ

جن کو ہم نے دی ہے کتاب پہچانتے ہیں یہ بات جیسے پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو

جن کو کتاب دی ہے (یعنی رسول) واقف ہیں اس سے ایسے | بیٹوں کو اپنے پہچانتے ہیں جیسے

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ

اور ایک فرقہ ان میں چھپاتے ہیں حق جان کر

ہیں ان میں ہی بیشک کچھ لوگ اس طرح کے | جو جان بوجھکر بھی حق بات ہیں چھپاتے

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ

حق وہی ہے جو تیرا رب کہے پھر تو نہ ہو شک لانیوالا

حق تو تمہارے رب کی جانب ہی سے یاد رکھیے | تم تو نہ ہونا ہرگز شک لانے والوں میں سے

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا

اور ہر کسی کو ایک طرف ہے کہ منہ کرتا ہے اس طرف

اور ہر جتھے کی خاطر اک سمت ہے مقرر | جسکی طرف وہ اپنا منہ کرتا ہی (برابر)

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ

سو تم سبقت چاہو نیکیوں میں

پس دوڑو۔ نیکیوں کو سبقت کرو یقینی | (اوروں سے تاکہ اپنا بڑھ جائے کاردینی)

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا

جس جگہ تم ہوگے کر لاوے گا اللہ اکٹھا

پھر تم جہاں کہیں بھی ہوگے وہ رب اعلیٰ | تم سب کو جمع کرکے لے آئیگا اکٹھا

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

بیشک اللہ ہر چیز کر سکتا ہے

طاقت بڑی ہے اُسکی قوت سے ہے وہ ظاہر | بیشک۔ خدا خدا ہی ہر چیز پر ہی قادر

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

اور جس جگہ تو نکلے منہ کر طرف مسجد الحرام کے

اور تم جدھر سے نکلو اب تم جہاں کہیں ہو | مسجد جو محترم ہی منہ اُس طرف پھرالو

وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ

اور یہی تحقیق ہے تیرے رب کی طرف سے اور اللہ بیخبر نہیں ہی تمہارے کام سے

بیشک تمہارے رب کا برحق ہی حکم یہ تو | غافل نہیں ہی مالک جو کچھ کہ کر رہے ہو

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

اور جہاں سے تو نکلے منہ کر طرف مسجد حرام کے

اب تم جدھر سے نکلو منہ اُس طرف پھرالو | دیکھے کو یاد رکھو کعبے کو قبلہ جانو

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ

اور جس جگہ تم ہو اکرو منہ کرو اسی کی طرف

اب تم جہاں کہیں ہو منہ اُس طرف پھرالو | دیکھے کو یاد رکھو کعبے کو قبلہ جانو

لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ

کہ نہ رہے تم سے لوگوں کو جھگڑنے کی جگہ

الزام تاکہ تم پر ت تم نہ ہو کیسا | (لوگوں کو مطلقاً بھی کچھ مل سکے نہ حیلہ)

اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ

مگر جو ان میں بے انصاف ہیں

لیکن سوائے اُن کے ظالم ہیں جو (سراپا) | ڈھیٹ دھرم ہیں جو بالکل جن کا ہی کام جھگڑا)

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ

سو اُن سے مت ڈرو اور مجھ سے ڈرو اس واسطے کہ پورا کر دوں فضل اپنا

بس تم ڈرو نہ اُنسے ڈرنے کی ذات میں ہا | تاکہ میں اپنی نعمت تم پر تمام کر دوں

وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝

اور شاید تم راہ پاؤ

شاید کہ اس طرح سے پا جاؤ تم ہدایت (تحویل قبلہ جیسی پہچان جاؤ نعمت)

كَمَآ أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِّنكُمْ يَتْلُوا۟ عَلَيْكُمْ ءَايَـٰتِنَا

جیسا بھیجا ہم نے تم میں رسول تمہیں میں کا پڑھتا تمہارے پاس آیتیں ہماری

جیسے کہ تم ہی میں سے ہم نے رسول بھیجا آیات جو ہماری پڑھ پڑھ کے ہے سناتا

وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ ٱلْكِتَـٰبَ وَٱلْحِكْمَةَ

اور تم کو سنوارتا اور سکھاتا تحقیق بات

پاکیزگی کے جوہر تم میں جو بھر رہا ہے اور جو کتاب و حکمت تعلیم کر رہا ہے

وَيُعَلِّمُكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا۟ تَعْلَمُونَ ۝

اور تمکو سکھایا جو تم نہ جانتے تھے

اور وہ سکھاتا ہے وہ جو جانتے نہیں تھے (اخلاق کیا ہے تم تو پہچانتے نہیں تھے)

فَٱذْكُرُونِىٓ أَذْكُرْكُمْ

تو تم یاد رکھو مجھکو میں یاد رکھوں تم کو

بس تم مجھے پکارو میں تمکو یاد رکھوں (تم محو بندگی ہو۔ میں رزق تمکو بخشوں)

وَٱشْكُرُوا۟ لِى وَلَا تَكْفُرُونِ ۝

اور احسان مانو میرا اور ناشکری مت کرو

احسان مانو میرا ناشکر مت ہو تم (کیا کیا ہے تم کو بخشا کچھ غور تو کرو تم)

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱسْتَعِينُوا۟ بِٱلصَّبْرِ وَٱلصَّلَوٰةِ

اے مسلمانو قوت پکڑو ثابت رہنے سے اور نماز سے

اے دیندار بندو ایمان لانے والو! صبر و صلواۃ سے تم اپنی مدد کو چاہو

إِنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلصَّـٰبِرِينَ ۝

بیشک اللہ ساتھ ہے ثابت رہنے والوں کے

بیشک خدا تعالے ہے ساتھ صابروں کے (مرنے کے بعد بھی تو بجتے ہیں اُن کے ڈنکے)

وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ

اور نہ کہو جو کوئی مارا جائے اللہ کی راہ میں کہ مردے ہیں

اور یہ کبھی نہ کہنا - مقتول راہ حق کے مردہ ہیں - مر گئے ہیں - جیسے ہیں لوگ مرتے

بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ

بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم کو خبر نہیں

بلکہ وہ سب ہیں زندہ پر تم نہیں سمجھتے (اسرار کبریا کے کیا جانو تم کرشمے)

وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ

اور البتہ ہم آزمائیں گے تم کو کچھ ایک ڈر سے اور بھوک سے اور نقصان سے مالوں کے اور جانوں کے اور میووں کے

البتہ ہم دیں گے کچھ بھوک اور ڈر سے نقصان مال و جان پھل پھول کے ضرر سے

وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ

اور خوشی سنا ثابت رہنے والوں کو

اور ان کو دو بشارت جو صبر کے ہیں بندے (ہاں اے رسول اکرم ان کے بڑے ہیں درجے)

الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

کہ جب ان کو پہنچے کوئی مصیبت کہیں ہم اللہ کا مال ہیں اور ہم کو اسی کی طرف پھر جانا

جب پڑتی ہے مصیبت وہ کہتے ہیں کہ بیشک اللہ کے ہیں ہم تو پھر جانا ہے اسی تک

أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ

ایسے لوگ انہیں پر شاباشیں ہیں اپنے رب کی

یہ ہی وہ ہیں کہ جن پر صلوات ہے برابر ان کے خدا کی جانب سے رحمتیں ہیں ان پر

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ

اور وہی ہیں راہ پر

اور یہ ہی ہیں وہ بیشک پائے ہوئے ہدایت (جن پر خدا تعالیٰ کی خاص ہے عنایت)

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ

صفا اور مروہ جو ہیں نشان اللہ کے پھر کوئی حج کرے اس گھر کا یا زیارت

حق کی نشانیاں ہیں بیشک صفا و مروہ پھر جو کہ حج بجائے کعبے کا بلکہ عمرہ؟

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ

تو گناہ نہیں اُس کو کہ طواف کرے اُن دونوں میں

دونوں کے گرد پھر لے تو کچھ نہیں برائی | (یہ بھی ہو ایک نیکی وہ بھی ہے ایک بھلائی

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ

اور جو کوئی شوق سے کرے کچھ نیکی تو اللہ قدردان ہے سب جانتا ہے

اور جو کوئی خوشی سے نیکی کرے تو اُسکا | اللہ قدرداں ہے نیت کا ہے شناسا

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ

جو لوگ کہ چھپاتے ہیں جو کچھ ہم نے اتارے صاف حکم اور راہ کے نشان

وہ جو کہ ہیں چھپاتے احکام اور ہدایت | ہمنے کیے جو نازل پہلے سے بالبداہت

مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ ۙ

بعد اسکے کہ انکو ہم کھول چکے لوگوں کے واسطے کتاب میں

بعد اسکے جبکہ ہم نے انسانوں ہی کی خاطر | اُنکو کتاب محکم میں کردیا ہے ظاہر

أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ ۙ

اُن کو لعنت دیتا ہے اللہ اور لعنت دیتے ہیں سب لعنت دینے والے

یہی وہ ہیں کہ جن پر اللہ کی ہو لعنت | اور لعن کرنے والے لعنت کناں ہیں (ات گت)

إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَبَيَّنُوا فَأُولَٰئِكَ أَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۚ

مگر جنھوں نے توبہ کی اور سنوارا اور بیان کردیا تو اُن کو معاف کرتا ہوں

لیکن ہوئے جو تائب بگڑے کو بھی سنوارا | پھر صاف صاف کھولا۔ انکی قبول توبا

وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

اور میں ہوں معاف کرنے والا مہربان

تواب ہیں بڑے ہم بخشش ہے اپنا شیوہ | توبہ قبول کرنا یہ کام ہے ہمارا

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ

جو لوگ منکر ہوئے اور مرگئے منکر ہی

منکر جو ہوگئے ہیں اور کفر پر مرے ہیں | (یعنی کہ تھے وہ کافر دنیا سے جب گئے ہیں

أُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

انہیں پر لعنت ہی اللہ کی اور فرشتوں کی اور لوگوں کی سب کی

یہی وہ ہیں کہ جن پر لعنت ہی ہے خدا کی | انسان اور ملائک سب خلق کبریائی

خٰلِدِينَ فِيهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ

رہ پڑے اُس میں نہ ہلکا ہوگا اُن پر عذاب اور نہ اُن کو فرصت ملیگی

(دائم ہے اُن پہ لعنت - پھٹکار یہی ہوگی | کم ہوگا دکھ نہ اُن کا مہلت نہ مل سکیگی

وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا إِلٰهَ

اور تمہارا رب اکیلا رب ہے کسی کو پوجنا نہیں

اللہ ہے تمہارا بس ایک ہی اکیلا | اُسکے سوا نہیں ہے معبود کوئی حاشا

إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ

اس کے سوائے بڑا مہربان ہے رحم والا

لیکن وہی رحیم و رحمٰن خدا تعالے | جو مہرباں بڑا ہی بیحد جو رحم والا

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ

آسمان اور زمین کا بنانا اور رات دن کا بدلتے آنا

بیشک (بنائے گردوں خلقت زمین کی ہیں | نیرنگی شب و روز اور انکی تازگی میں

وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ

اور کشتی جو لیکر چلتی ہے دریا میں جو چیزیں کام آویں لوگوں کو

چلنے میں کشتیوں کے دریا ہو یا سمندر | لوگوں کے فائدہ کی چیزیں لئے (برابر)

وَمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

اور وہ جو اللہ نے اتارا آسمان سے پانی پھر جلایا اس سے زمین کو مر گئے پیچھے

اور پانی جو خدا نے گردوں سے ہے اتارا | جس سے زمین مر کر جیتی ہے پھر دوبارا

وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ

اور بکھیرے اس میں سب قسم کے جانور

اور چلنے والے اُس پر پھیلائے ہیں ہر اک جا | انسان - جانور سب - دو پایا چار پایا

وَتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ

اور پھیرنا ہواؤں کا اور ابر جو حکم کا تابع ہے درمیان آسمان و زمین کے

اور ان ہواؤں میں جو بادل لئے ہیں پھرتے | جو آسمان زمین کے مابین ہیں مسخر

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ۝

ان میں نمونے ہیں عقلمند لوگوں کے

ان سب میں اس خدا کی ظاہر نشانیاں ہیں | جو ہیں سمجھنے والے ان پر یہ سب عیاں ہیں

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا

اور بعض لوگ ہیں جو پکڑتے ہیں اللہ کے سوائے اوروں کو دوست

لوگوں میں ایسے بھی ہیں جو چھوڑ کر خدا کو | ہمسر بنائے بیٹھے ہیں اسکے ماسوا کو

يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ

محبت رکھتے ہیں جیسے محبت اللہ کی

اوروں سے ایسی الفت رکھتی ہیں وہ زر ازلے | جیسے خدا سے الفت کرتے ہیں اللہ والے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ

اور ایمان والوں کو اس سے زیادہ ہے محبت اللہ کی

ایمان دار جو ہیں ان کی تو ہے یہ حالت | انکو خدا ہی سے ہے سب سے زیادہ الفت

وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ

اور کبھی دیکھیں بے انصاف اس وقت کہ جب دیکھیں گے عذاب

اے کاش ظالموں کو اب وہ دکھائی دیتا | انکو عذاب دیکھے پر جو دکھائی دے گا

اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ

اور زور سارا اللہ کو ہے اور اللہ کی مار سخت ہے

اور یہ کہ ہر طرح کی قوت خدا ہی کو ہے | اور یہ کہ سخت تر ہے اسکا عذاب (یہ ہے!)

اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا

جب الگ ہو جائیں جن کے ساتھ ہوئے تھے اپنے ساتھ والوں سے

زدہ ایسا وقت ہوگا جب پیر سب کھچیں گے | اپنے مریدوں سے وہ بیزاریاں کریں گے

وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ۝

اور دیکھیں عذاب اور ٹوٹ جاویں ان کے سب طرف کے علاقے

ظاہر عذاب بھی وہ آنکھوں دیکھ لینگے | اسباب اور وسیلے سب انکو کٹ چکیں گے

وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً

اور کہیں گے ساتھ پکڑنے والے کاش کہ ہمکو دوسری بار زندگی ہو

اور پیچھے چلنے والے انکے (ذلیل ہونگے) یہ کہینگے | اے کاش لوٹ جائیں دنیا میں ہم جو پھر کے

فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا

ہم الگ ہو جاویں ان سے جیسے بیزاری کی انھوں نے ہم سے

تو ہم بھی اُن سے یوں ہی بیزاریاں دکھائیں | جیسے کہ ہم سے کی ہیں نفرت بھری ادائیں

كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ

اس طرح دکھاتا ہے اللہ ان کو کام ان کے افسوس جلانے کو

یوں ہی خدا تعالےٰ اعمال انکے (انہیں) | دکھلائے گا انہیں سب حسرتیں بناکر

وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ۝

اور اُن کو نکلنا نہیں آگ سے

(اسپر بھی) انکو جلنا ہے آگ میں سدا جو | دوزخ سے پھر نکلنا ممکن نہ ہوگا اُن کو

يٰاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِى الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا

لوگو کھاؤ زمین کی چیزوں میں سے جو حلال ہیں تم پر

اے لوگو شوق سے تم وہ نوشِ جاں کرو (سب) | (لگتی ہیں جو زمیں کی چیزیں حلال وطیب

وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

اور نہ چلو قدموں پر شیطان کے

شیطان کے قدم پر ہرگز قدم نہ رکھنا | (اسکی روش بری ہے تم پیروی نہ کرنا)

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

وہ تمہارا دشمن ہے صریح

دشمن ہے وہ تمہارا بیشک کھلا کھلایا | (اُس سے بچاؤ خود کو۔ ورنہ ہے پھر صفایا)

إِنَّمَا يَأْمُرُكُم بِالسُّوءِ وَالْفَحْشَاءِ

وہ تو یہی حکم کرے گا تمکو بُرے کام اور بےحیائی کا

بدیاں سکھائے گا وہ اور بے حیائی تمکو (یہی تاکیں ہیں تمہاری بس گھات میں ہی سمجھو)

وَأَن تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ

اور یہ کہ جھوٹ بولو اللہ پر جو تمکو معلوم نہیں

اور یہی چاہے گا تم (بہتان کوئی باندھو) اللہ کے مخالف بے سمجھے بوجھے بک دو

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ

اور جو ان کو کہتے چلو اسپر جو نازل کیا اللہ نے

اور جب کہا ہے اُن سے پیرو ہو تم اسکے جو تمہیں پیروی کو نازل کیا خدا نے

قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا

کہیں نہیں چلیں گے ہم اس پر جس پر دیکھا اپنے باپ دادوں کو

تو کہتے ہیں نہیں جی) ہم تو ہیں اُس کے چاکر (پایا ہے باپ دادا کو ہم نے جس چلن پر

أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ

بھلا اگرچہ اُن کے باپ دادے نہ عقل رکھتے ہوں کچھ نہ راہ کی خبر

(کیوں جی) جو باپ دادا ہوں اُنکے ڈھگوں کے (بے عقل و بے ہدایت (جب بھی یہی کریں گے)

وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي

اور مثال ان منکروں کی جیسے مثال ایک شخص کی

کافر جو ہو گئے ہیں جو کفر میں ہیں ڈوبے اُن کی مثال بالکل اُس شخص کی ہی جیسے

يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ إِلَّا دُعَاءً وَنِدَاءً

کہ چلّاتا ہے ایک چیز کو جو سنتے نہیں مگر پکارنا اور چلانا

جو بیقرار ہو کر اُس چیز کو پکارے جو چیخ کو کسی کی بالکل سنے نہ سمجھے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُونَ

بہرے - گونگے - اندھے ہیں سو اُن کو عقل نہیں

(اصنام جس قدر ہیں) ہیں بہرے گونگے اندھے وہ کچھ نہیں سمجھتے مٹی کے ڈھیر جیسے -

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ

اے ایمان والو کھاؤ ستھری چیزیں جو تم کو روزی دی ہم نے

ایمان لانے والو ! اے دین دار بندو ! | جو پاک رزق ہم نے بخشا ہے اُس سے کھاؤ

وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ

اور شکر کرو اللہ کا اگر تم اُسی کے بندے ہو

اور شکر یہ کرو تم مالک کا جان و دل سے | خالص اگر اسی کے ہو تابعدار بندے

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنزِيرِ

یہی حرام کیا ہے تم پر مردہ اور لہو اور گوشت سور کا

اُسنے حرام مطلق تم پر کیا ہے (بخدا) | سُور کا گوشت مردہ اور خون ہر طرح کا

وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ

اور جس پر نام پکارا اللہ کے سوا کا

وہ بھی حرام مطلق جو ذبح کے جدا ہو | جس پر خدا کے بدلے نام اور کا لیا ہو

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ

پھر جو کوئی پھنسا ہو نہ بے حکمی کرتا ہو نہ زیادتی اسپر گناہ نہیں

ہاں جو کوئی ہو مضطر، مجبور، بے بغاوت | حد سے نہ وہ بڑھا ہو کھالے تو ہی رعایت

إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

اللہ تعالے بخشنے والا ہے مہربان

(اُسپر گنہ نہیں کچھ) بخشنے گا حق تعالی | بخشش کا وہ دھنی ہے بیحد ہے رحم والا

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ

جو لوگ چھپاتے ہیں جو کچھ نازل کی اللہ نے کتاب

جو لوگ ہیں چھپاتے اس شے کو (بد قوارہ) | اپنی کتاب میں جو اللہ نے اتارا

وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا

اور لیتے ہیں اسپر مول تھوڑا

اور اُسکو بیچتے ہیں تھوڑے سے دام لیکر | (توہین ہے کلام خالق کی یہ سراسر)

أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ

وہ نہیں کھاتے اپنے پیٹ میں مگر انگارے

یہی وہ ہیں (جو خود پر خود ظلم کر رہے ہیں) | پیٹوں میں اپنے انگارے بھر رہے ہیں

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ

اور نہ بات کرے گا ان سے اللہ قیامت کے دن اور نہ سنوارے گا انکو

محشر کے دن نہ اُن سے رب ہمکلام ہوگا | پاکیزہ - پاک بھی وہ اُنکو نہیں کرے گا

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○

اور ان کو دکھ کی مار ہے

اُن کے لیے یقیناً دکھ درد کی سزا ہی | ایسا عذاب ہوگا جو درد سے بھرا ہے

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ

وہی ہیں جنہوں نے خرید کی گمراہی بدلے راہ کے

یہ ہی وہ ہیں جنھوں نے کیا خوب کی تجارت | بُرے ہدایتوں کے ہے مول لی ضلالت

وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ○

اور مار بدلے مہر کے سو کہاں سہارا ہے انکو آگ کی

اور ہی عذاب (اُلٹا) بخشش کے بدلے پایا | کیونکر وہ سہ سکیں گے دوزخ کی آنچ (دنیا)

ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ ۗ

یہ اس واسطے کہ اللہ نے کتاب اتاری سچی

یہ اس لیے کہ اُنھیں نازل کیا خدا نے | اپنی کتاب محکم کو ساتھ حق کے (یعنی توراۃ)

وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ○

اور جنہوں نے کئی راہیں نکالیں کتاب میں وہ ضد میں رہیں دور پڑے ہیں

اور پھر جنہوں نے اسمیں بھی اختلاف ڈالا | وہ دُور جا پڑے ہیں سرکش ہیں وہ زیادہ

لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

نیکی یہی نہیں کہ منہ کرو اپنے مشرق کی طرف یا مغرب

نیکی نہیں یہ کوئی (مسلم نماز والو) | مشرق ہو یا کہ مغرب تم اپنا منہ پھرا لو

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

لیکن نیکی وہ ہے کہ جو کوئی ایمان لاوے اللہ پر اور پچھلے دن پر

بلکہ حقیقی نیکی اُن کی ہے (وہ ہیں بندے) اللہ و آخرت پر ایمان جو ہیں لائے

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ

اور فرشتوں پر اور کتاب پر اور نبیوں پر

اُسکے فرشتوں پر بھی اُس کے ملائکہ پر اُس کی کتاب پر بھی اور اُسکے انبیاء پر

وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ

اور دیوے مال اسکی محبت پر ناتے والوں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور راہ کے مسافر کو

اُس کی محبتوں میں دیں مال اقربا کو بیکس یتیموں کو بھی رہ گیر دلبے نوا کو

وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ

اور مانگنے والوں کو اور گردنیں چھڑانے میں اور کھڑی رکھے نماز اور ادا کرے زکوٰۃ

بخشے جو سائلوں کو اور گردنیں چھڑائے قائم کرے نمازیں پوری زکواۃ بھی دے

وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا

اور پورا کرنے والے اپنے اقرار کو

اقرار جب وہ کریں پورا ہوں کرنے والے وعدے کے اپنے پورے اور بات کے ہوں سچے

وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ

اور ٹھہرنے والے سختی میں اور تکلیف میں اور وقت لڑائی کے

اور صبر کرنے والے تنگی میں مفلسی میں کوہِ وقار بھی ہوں سختی لڑائی کی میں

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ

وہی لوگ ہیں جو سچے ہوئے اور وہی بچاؤ میں آئے

یہ ہی ہیں لوگ سچے اور یہی متقی ہیں یہ ہی ہیں خاص بندے اللہ کے ولی ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلٰى

اے ایمان والو حکم ہوا تم پر بدلا برابر مارے

اے دیندار بندو (مارے گئے جو مضطر) واجب کیا گیا ہے اُن کا قصاص تم پر

اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ

صاحب کے بدلے صاحب اور غلام کے بدلے غلام

آزاد کے عوض میں آزاد ہوگا فدیہ
بدلے غلام کے ہے قتل غلام زیبا

وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ

اور عورت کے بدلے عورت

عورت کے بدلے عورت (یہ ہی معاوضہ ہے)
رجو جان لے کسی کی اسکی یہی سزا ہے

فَمَنْ عُفِیَ لَهٗ مِنْ اَخِیْهِ شَیْءٌ

پھر جس کو معاف ہوا اس کے بھائی کی طرف سے کچھ ایک

پھر جو معاف کردے جزوِ قصاص کوئی
گھٹ سکتی ہے وہ دیت مومن ہیں بھائی بھائی

فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَیْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ

تو چاہیے مرضی پر چلنا موافق دستور کے اور پہنچانا اسکو نیکی سے

قاتل ادائے احساں کے سے لئے ہو تیور
مقتول کی طرف سے نیکی کا پہلو مضمر

ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ

یہ آسانی ہوئی تمہارے رب کی طرف سے اور مہربانی

یہ ہی تمہارے رب کی جانب سے خاص رحمت
(ظاہر ہے صاف اس سے آسانی اور سہولت)

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ

پھر جو کوئی زیادتی کرے بعد اسکے

پھر اس کے بعد بھی کچھ جو زیادتی کرے گا
کوئی جفر مجر ہو ۔ یا حد سے بڑھ چلے گا؟

فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِیْمٌ

تو اس کو دکھ کی مار ہے

اس کے لئے یقیناً دکھ درد کی سزا ہے
ایسا عذاب ہوگا جو درد سے بھرا ہے

وَلَكُمْ فِی الْقِصَاصِ حَیٰوةٌ یّٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ

اور تم کو قصاص میں زندگی ہے اے عقلمندو

حکم قصاص ہی میں ہے زندگی تمہاری
(خونریزی سے بچو گے) اے عقل کے پجاری!

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ○

شائد تم بچیے رہو

شاید کہ خوف کھاؤ طاعت گذار بنکر | بن جاؤ متقی تم پرہیزگار بنکر

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

حکم ہوا تم پر جب حاضر ہو کسی کو تم میں سے موت

یہ بھی ہے تمپہ واجب خوب اس کو یاد رکھو | تم میں سے جس کسی کی جب موت آ کھڑی ہو

إِنْ تَرَكَ خَيْرًا

اگر کچھ مال چھوڑ سے

ترکے میں مرنیوالا کچھ مال بھی جو چھوڑے | (اس طرح سے ہوں اسکی تقسیم کے طریقے)

نِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ

دلوا دے ماں باپ کو اور ناتے والوں کو دستور سے

ماں، باپ اور رشتے کنبے کے ہم قرابت | درجے بدرجے سبکو دینے کی ہو وصیت

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ○

ضرور ہے پرہیزگاروں کو

(تعمیل اسکی کرنی) حق متقین کا ہے | ڈرتے ہیں جو خدا سے فرض اُسپہ کر دیا ہے

فَمَنْ بَدَّلَهُ بَعْدَ مَا سَمِعَهُ

پھر جو کوئی اُسکو بدلے بعد اسکے کہ سن چکا

پھر جو کوئی وصیت سننے کے بعد بدلے | (اسکو کسی سبب سے) وہ کچھ کا کچھ بنا دے

فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ

تو اُس کا گناہ اُنہیں پر جنہوں نے بدلا اُسکو

اسکا گناہ بیشک اُن کے ہی ذمہ ہوگا | جن لوگوں نے وصیت کو سن سنا کے بدلا

إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○

بیشک اللہ ہے سنتا جانتا

بیشک خدائے برتر سنتا ہے جانتا ہے | (سب اسکی ہے نظر میں کل اُسپہ آئینہ ہے)

فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا

پھر جو کوئی ڈرا ڈلوانے والے کی طرفداری سے یا گناہ سے

تا ل صاحب وصیت سے جو کھٹک گیا ہو؟ ‏ احق تلفی یعنی جنبہ داری کا شک اگر ہوا ہو؟

فَاَصْلَحَ بَیْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَیْهِ ؕ

پھر ان میں صلح کرادے تو اسپر گناہ نہیں

اور وہ صلح کرادے آپس میں ملا کر ‏ (تبدیلی وصیت) کا جرم کیا ہے اس پر؟

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۟

البتہ اللہ بخشنے والا ہے مہربان

بیشک خدا تعالے بخشش میں بڑا ‏ جو مہربان بڑا ہے بیحد ہے رحم والا

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ

اے ایمان والو حکم ہوا تم پر روزے کا

اے دیندار بندو ایمان لانے والو ‏ واجب کیا گیا ہے روزے کا رکھنا تمکو

كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۟ۙ

جیسے حکم ہوا تھا تم سے اگلوں پر شاید تم پرہیزگار ہو جاؤ

جس طرح تم سے پہلے قدغن کیا گیا تھا ‏ شاید کہ متقی ہو کچھ خوف ہو خدا کا

اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ

کئی دن ہیں گنتی کے

(بالکل گنے چنے (دن) گنتی کے ہیں روزے ‏ (روزوں کا یہ مہینہ سب جانتے ہیں بندے

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ

پھر جو کوئی تم میں بیمار ہو یا سفر میں

پھر تم میں سے جو کوئی بیمار ہو کہ ماندا؟ ‏ یا ہو کوئی سفر میں جب آئے یہ مہینا

فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ

تو گنتی چاہیے اور دنوں سے

تو اور دن ملا کر گنتی کو پورا کردے ‏ سارے دنوں میں کہ لے ناغہ ہوں جتنے روزے

وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ

اور جن کو طاقت ہے تو بدلا چاہیے ایک فقیر کا کھانا

جن میں ہووے طاقت (فدیہ وہ یوں دلائیں) | ہر روزے کی عوض میں مسکین اک کھلادیں

فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ

پھر جو کوئی شوق سے کرے نیکی تو اسکو بہتر ہے

پھر جو کوئی خوشی سے نیکی کو زیادہ کردے | اسکے لئے ہی بہتر (نیکی کے نیک درجے)

وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

اور روزہ رکھو تو تمہارا بھلا ہے اگر تم سمجھ رکھتے ہو

ہر اعتبار سے ہے روزہ کا رکھنا بہتر | اے کاش جانتے تم جو علم ہے اسمیں مضمر

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ

مہینہ رمضان کا جس میں نازل ہوا قرآن

رمضان کا مہینہ (وہ برکتوں بھرا ہے) | قرآن پاک جس میں نازل کیا گیا ہے

هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ

ہدایت واسطے لوگوں کے اور کھلی نشانیاں راہ کی اور فیصلہ

جتنے ہیں ابن آدم ان سب کا رہنما ہے | تمیز حق و باطل، کا صاف آئینہ ہے

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ

پھر جو کوئی پاوے تم میں سے یہ مہینہ تو اسکو روزہ رکھے

پھر تم میں سے جو پائے جب آئے یہ مہینا | واجب ہوا اسکے اوپر روز دنکا اسکے گننا

وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ

اور جو کوئی ہو بیمار یا سفر میں

بیمار ہو جو کوئی یا ہو مریض ماندا | یا ہو کوئی سفر میں (جب آئے یہ مہینا)

فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ

تو گنتی چاہیے اور دنوں سے

تو اور دن ملا کر گنتی کو پورا کردے | (سا دے دنوں میں کھلے ناغہ ہوں جتنے روزے)

يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

اللہ چاہتا ہے تم سے آسانی اور نہیں چاہتا تم پر مشکل

اللہ پاک تم پر آسانی چاہتا ہے | سختی نہیں گوارا سختی نہیں روا ہے

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ

اور اس واسطے کہ پوری کرو گنتی

مقصود یہ ہے اس کا گنتی کو پورا کرلو | (روزوں کا قرض جو ہو پورا اسے چکا دو)

وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ

اور بڑائی کرو اللہ کی اس پر کہ تمکو راہ بتائی

تاکہ دکھائی تمکو جو سیدھی راہ اس نے | اللہ کی بڑائی کرتے رہو اسی پہ

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

اور شاید تم احسان مانو

شاید کہ شکر مانو (بن جاؤ خاص بندے) | احسان مانو اسکا پرہیز گار بنکے

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ

اور جب تجھ سے پوچھیں بندے میرے مجھ کو تو میں نزدیک ہوں

جب پوچھیں میرے بندے کچھ تجھسے میری بابت | تم کہدو میں تو ان سے نزدیک ہوں (نہایت)

اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

پہنچتا ہوں پکارتے کی پکار کو

جب بھی کوئی پکارے دل سے دعا کرے جو | میں ہوں قبول کرتا (دل سے دعا بھی تو ہو)

فَلْيَسْتَجِيبُوْا لِیْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ۝

جس وقت مجھکو پکارتا ہے تو چاہیے حکم مانیں میرا اور یقین لاویں مجھپر شاید نیک راہ پر آویں

بس انکو ہی یہ لازم وہ حکم میرا مانیں | ایمان لائیں مجھ پر (اور راہ راست جائیں)

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ

حلال ہوا تمکو روزے کی رات میں بے پردہ ہونا اپنی عورتوں سے

روزوں کی راتیں ہمنے کردیں حلال تمپر | پاس اپنی بیبیوں کے جاسکتے ہو (برابر)

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ط

وہ پوشاک ہیں تمہاری اور تم پوشاک ہو اُن کی

پوشاک وہ تمہاری تم ہو لباس اُنکا ہو دونو چولی دامن آپسمیں تم سراپا)

عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ

اللہ نے معلوم کیا تم اپنی چوری کرتے تھے

اللہ جانتا ہے چوری چھپے کی فطرت نفسوں سے اپنے تم کرتے تھے خیانت

فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ

سو معاف کیا تم کو اور درگذر کی تم سے

بس اُسنے تمکو بخشا توبہ قبول کرلی درگذر ادہ خطا سے (یہ رحمت ہی اُسکی)

فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ

پھر اب ملو اُن سے اور چاہو جو لکھ دیا اللہ نے تم کو

اب اُنسے بے تکلف ہم بستری کرو تم اور جو نتیجہ اُسکا اللہ دے وہ لو تم

وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ

اور کھاؤ اور پیو جبتک کہ صاف نظر آ دے تمکو دھاری سفید جدی دھاری سیاہ سے

کھاؤ پیو یہاں تک جو صبح کا سپید ا شب کی سیاہ دھاری سے دیکھ لو علیحدہ

ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ

پھر پورا کرو روزہ رات تک

پھر ابتدائے شب تک روزہ تمام کرلو (یعنی کہ منہ اندھیرے سے پوری تمام کرلو)

وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِى الْمَسٰجِدِ

اور نہ لگو اُن سے جب اعتکاف میں بیٹھے ہو مسجدوں میں

اور ہاں جو مسجدوں میں تم اعتکاف میں ہو تو شب کو بھی تم اُن سے قربت نہ کرنا (دیکھو)

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ط

یہ حدیں باندھی ہیں اللہ کی سو اُن کے نزدیک نہ جاؤ

یہ ہیں حدیں خدا کی باندھی ہوئی (سنبھلنا) اُن کی مخالفت کے تم پاس مت پھٹکنا

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ

اس طرح بیان کرتا ہے اللہ اپنی آیتیں لوگوں کو

اپنی نشانیوں کو یوں ہی وہ حق تعالیٰ | انسانوں کے لئے ہی واضح بیان کرتا

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝

شاید وہ بچتے رہیں

تاکہ ہو متقی تم ہو نیکوکار بندے | پرہیزگار بن کر شاید ڈرو خدا سے

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ

اور نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کے آپس میں ناحق اور نہ پہنچاؤ انکو حاکموں تک

تم ایک دوسرے کا مت کھاؤ مال ناحق | حکام تک پہنچکر کیوں بنتے ہو حبتق ؟

لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

کہ کھا جاؤ کاٹ کر لوگوں کے مال میں سے مارے گناہ کے اور تمکو معلوم ہے

تاکہ فریب فن سے جبکہ ہے علم تم کو | لوگوں کے مال میں سے ناحق جو پاؤ کھا لو

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ هِىَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۭ

تجھ سے پوچھتے ہیں چاند کا نیا نکلنا تو کہہ کہ یہ وقت ٹھہرے ہیں واسطے لوگوں کے اور واسطے حج کے

جو لوگ پوچھتے ہیں چاند کے بارے میں (تو) | اوقات ہیں وہ حج کے اور لوگوں کے یہ کہہ دو

وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا

اور نیکی یہ نہیں کہ گھروں میں آؤ چھت پر سے

یہ بھی ہے کوئی نیکی (قربان ایسی اپنچ کے) | آتے ہو تم گھروں میں پچھواڑے کی طرف سے؟

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا

اور لیکن نیکی وہی جو کوئی بچتا رہے اور گھروں میں آئے دروازوں سے

لیکن ہے اسکی نیکی پرہیزگار جو ہے | اپنے گھروں میں آؤ دروازوں کی طرف سے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

اور اللہ سے ڈرتے رہو شاید تم مراد کو پہنچو

اور تم ڈرو خدا سے تاکہ فلاح پاؤ | (تاکہ مراد پاؤ اور راہ راست جاؤ)ع

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا

اور لڑو اللہ کی راہ میں اُن سے جو لڑتے ہیں تم سے اور زیادتی مت کرو

تم سے لڑیں جو کافر راہ خدا میں۔ لڑنا	پر زیادتی نہ کرنا حد سے سوا نہ بڑھنا

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝

اللہ نہیں چاہتا زیادتی والوں کو

ناخوش ہے حق تعالیٰ جو زیادتی ہیں کرتے	(ہیں ناپسند) اسکو ہر زیادتی کے حملے

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ

اور مارو ان کو جس جگہ پاؤ اور نکالدو انکو جہاں سے اُنھوں نے تمکو نکالا

پاؤ اُنہیں جہاں تم فی الفور قتل کردو!	جیسے تمہیں نکالا تم بھی اُنہیں نکالو

وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ

اور دین سے بچانا مارنے سے زیادہ ہے

فتنہ فساد تو ہے خونریزی سے بھی بڑھ کر	دکوئی گنہ نہیں ہے ہں فتنہ کے برابر

وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ

اور نہ لڑو اُن سے مسجد الحرام پاس جبتک وہ نہ لڑیں تم سے اُس جگہ

کعبہ کے پاس اُن سے تم بھولکر نہ لڑنا	جبتک نہ لڑ پڑیں وہ تم تو گئی ہی کرنا

فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۭ

پھر اگر وہ لڑیں تو ان کو مارو

پھر۔ لڑ پڑیں اگر وہ اُس جا تو خوب مارو	(جب پہل ہوا اُدھر سے۔ جڑ پیڑ سے مٹادو)

كَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ۝

یہی سزا ہے منکروں کی

ہاں۔ ایسے کافروں کی بیشک یہی سزا ہے	(جو ایسے بے ادب ہوں اُنکا یہی صلا ہے؟)

فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

پھر اگر وہ باز آویں تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے

باز آئیں پھر اگر وہ اللہ بخشدے گا	دبخشش کا وہ دھنی ہے بیحد ہے رحم والا

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ

لڑو اُن سے جب تک نہ باقی رہے فساد اور حکم رہے اللہ کا

اُن سے لڑو یہاں تک ہوجائے پاک فتنہ | باقی رہے جہاں میں اک دین بس خدا کا

فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝

پھر اگر وہ باز آویں تو زیادتی نہیں مگر بے انصافوں پر

باز آئیں پھر اگر وہ پھر زیادتی نہ کرنا | مخصوص زیادتی تو حصہ ہے ظالموں کا

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ

حرمت کا مہینہ مقابل حرمت کے مہینے کے اور ادب رکھنے میں بدلا ہے

ہیں محترم مہینوں کے محترم مہینے | چیزیں جو محترم ہیں اُنکے ہی ہیں بدلے

فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪

پھر جس نے تم پر زیادتی کی تم اُس پر زیادتی کرو جیسے اُس نے زیادتی کی تم سے

تم پر جو زیادتی ہو تم بھی کرو (برابر) | جیسی کہ زیادتی کی اُس نے تمہارے اوپر

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ ساتھ ہے پرہیزگاروں کے

ڈرتے رہو خدا سے یہ بات جانے بوجھے | بیشک خدا تعالےٰ ہے ساتھ متقیں کے

وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ

اور خرچ کرو اللہ کی راہ میں اور نہ ڈالو اپنی جان کو ہلاکت میں

بجٹو خدا کے رستے (یہ چیز ہے سخاوت) | لیکن نہ اپنے ہاتھوں انجام ہو ہلاکت

وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

اور نیکی کرو اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو

نیکی کرو ہمیشہ احسان کرتے رہنا | بیشک خدا تعالےٰ ہے دوست محسنوں کا

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ

اور پورا کرو حج اور عمرہ اللہ کے واسطے

پورا کرو خدا کی خاطر سے حجّ و عمرا | (ہر سانس دھیان رکھو خوشنودیٔ خدا کا

فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ

پھر اگر تم روکے گئے تو جو میسر ہو قربانی بھیجو

گھر جاؤ پھر اگر تم ہو کوئی روک پیدا	قربانی کچھہ دلادو، جو ہوسکے مہیا

وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ

اور حجامت نہ کرو سر کی جبتک پہنچ نہ چکے قربانی اپنے ٹھکانے

منڈواؤ تم سر ڈنکو اسوقت تک اپنی	قربانی جب تلک کہ اپنی جگہ نہ پہنچے

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ

پھر جو کوئی تم میں سے مریض ہو یا دکھ دیا اسکے سر نے

پھر تم میں سے جو کوئی بیمار ہو کہ ماندا؟	کچھہ اور دکھ ہو اسکو یا درد سر ہو پیدا

فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ

تو بدلا دیوے روزے یا خیرات یا ذبح کرنا

بدلہ ہیں اسکا روزے خیرات یا ہو فدیہ	(جو ہوسکے میسر بالوں کا دیدو صدقہ

فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ

پھر جب تمکو خاطر جمع ہو تو جو کوئی فائدہ لیوے عمرہ ملاکر حج کیساتھ تو جو میسر ہو قربانی پہنچاوے

خاطر جمع ہو جب پھر (خدشے سے امن پائے)	حج سے ملاکے عمرہ جو فائدہ اٹھائے
جو جسکو ہو میسر قربانی کچھ وہ دیدے	(حکم خدا کو پھر وہ اس طرح سے بجائے)

فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ

پھر جس کو پیدا نہ ہو تو روزہ تین دن کا حج کے وقت میں

اور جو ہو پھانک بالکل کچھہ بھی نہوئے پلے	ایام حج میں رکھ لے وہ تین دن کے روزے

وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ

اور دن جب پھر کر جاؤ یہ دس ہوئے پورے

اور سات واپسی پر جب لوٹو پھر آکے	یہ ٹاکا ٹونک دس ہیں کل دس ہوئے یہ روزے

ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

یہ اسکو ہے جس کے گھر والے نہ ہوں رہتے مسجد حرام میں

اسکے لئے ہے لیکن (یہ حکم) اسکی خاطر	اہل و عیال جسکے مکے میں ہوں نہ حاضر

وَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے

ڈرتے رہو خدا سے دل میں ہے یہ دھڑکا ۔ ہے سخت عذاب اسکا - اسکا عذاب توبا

اَلْحَجُّ اَشْہُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ج فَمَنْ فَرَضَ فِیْہِنَّ الْحَجَّ

حج کے لیے مہینے ہیں معلوم پھر جس نے لازم کرلیا انمیں حج

حج کے تو ہیں مہینے کچھ سب پہ ہیں یا ظاہر ۔ انمیں جو حج بجائے اللہ میاں کی خاطر

فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ ط

تو بے پردہ ہونا نہیں عورت سے اور نہ گناہ کرنا نہ جھگڑا کرنا عورت سے

ایام حج میں اسکو قدغن مباشرت ہے ۔ فسق و فجور جھگڑا سب کی ممانعت ہے

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ یَّعْلَمْہُ اللّٰہُ ط

اور جو کچھ تم کروگے نیکی اللہ کو معلوم ہوگی

ہاں نیکی جو کروگے اللہ جان لیگا ۔ جسنے کیا ارادہ اور اسنے اسکو بوجھا

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی ز

اور خرچ راہ لیا کرو کہ خرچ راہ میں بہتر ہے گناہ سے بچنا

ہاں زادِ راہ لے لو (توشے کا ہی سہارا) ۔ در اصل سب سے بہتر ہے زادِ راہ تقوے

وَاتَّقُوْنِ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ

اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقلمندو

اے عقل والو مجھ سے ڈرتے رہو ہمیشہ ۔ (ڈرتے ہیں جو خدا سے انکا ہی پار بیڑا)

لَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّکُمْ ط

کچھ گناہ نہیں تم پر کہ تلاش کرو فضل اپنے رب کا

(حج کے شمول ہی میں) یہ کچھ نہیں برائی ۔ چاہو جو اپنے رب سے تم فضل و خیر و خوبی

فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْکُرُوا اللّٰہَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ص

پھر لوٹ کو چلو عرفات سے تو یاد کرو اللہ کو نزدیک مشعر الحرام کے

جب سعی کرکے (لوگو) عرفات سے پھرو تم ۔ مشعر کے پاس آکر یاد خدا کرو تم

وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ

اور اسکو یاد کرو جس طرح تمکو سکھایا

اور اسکی یاد کا بھی ہے بس وُہی طریقا | جس طرح ہے کہ اس نے تم سبکو ہے بتایا

وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ۝

اور تم تھے اس سے پہلے راہ بھولے

(حالانکہ) اس سے پہلے گمراہ ہی تھے تمتو | (یہ اسکا ہی کرم ہے جو سیدھی راہ پر ہو)

ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ

پھر طواف کو چلو جہاں سے سب لوگ چلیں

عرفات سے چلو جب تو آؤ اُس طرف کو | لوگ آئیں جسطرف بھی ساتھ آدم بھی اُنکے

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

اور گناہ بخشواؤ اللہ سے اللہ ہی بخشنے والا ہے

بخشش طلب کرو تم ہو مغفرت کے جویا | اللہ پاک بیشک بیحد ہے رحم والا

فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ

پھر جب پورے کر چکو اپنے حج کے کام تو یاد کرو اللہ کو

پھر جب تمام کر لو ارکانِ حج کو اپنے | یادِ خدا کرو تم اور وہ بھی اِس طرح کہ

كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ

جیسے یاد کرتے تھے اپنے باپ اور دادوں کو بلکہ اُس سے زیادہ یاد

جیسے کہ باپ دادا کا ذکر کرتے ہو تم | بلکہ کچھ اس سے بڑھ کر مشغول حق رہو تم

فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

پھر کوئی آدمی کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہمکو دنیا میں بھی

لوگوں میں ایسے بھی ہیں جو اس طرح ہیں کہتے | اے رب ہمارے ہمکو دنیا کی بہتری دے

وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ

اور اس کو آخرت میں کچھ حصہ نہیں

کیا کام آخرت سے دُنیا کے ہو رہے جو بھی؟ | ہاں آخرت میں انکا حصہ نہیں ہو کوئی

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا

اور کوئی ان میں کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہم کو دنیا میں

اور بعض ان میں وہ ہیں جو اسطرح ہیں کہتے | اے رب ہمارے ہمکو دنیا کی بہتری دے

حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

خوبی اور آخرت میں خوبی اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے

اور آخرت میں بھی دے تو ہمکو خیر و خوبی | ہمکو عذاب دوزخ سے بھی بچا الٰہی

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ

انہیں ہے کچھ حصہ اپنی کمائی سے

یہی ہیں وہ کہ جنکا ہے آخرت میں حصہ | جیسا عمل کیا ہے پھل پائینگے وہ اسکا

وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝

اور اللہ جلد لیتا ہے حساب

قادر ہے مقتدر ہی بیشک وہ رب علی | ان سے پلک جھپکتے میں وہ حساب لیگا

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِىْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ

اور یاد کرو اللہ کو کئی دن گنتی کے

ان گنتی کے دنوں میں یاد خدا کرو تم | مخصوص حج کے دن ہیں مشغول حج ہو تم

فَمَنْ تَعَجَّلَ فِىْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ

پھر جو کوئی جلدی چلا گیا دو دن میں اسپر نہیں گناہ

پھر جو کہ دو ہی دن میں چلتا ہے منی سے | اسپر گنہ نہیں کچھ ٹھیرے وہ یا نہ ٹھیرے

وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ

اور جو کوئی رہ گیا اسپر نہیں گناہ

اور دیر تک جو ٹھیرے نزد منی وہ بھی | اسمیں مضائقہ کیا ہو دیر یا سویرا؟

لِمَنِ اتَّقٰى ؕ

جو کوئی ڈرتا ہے

یہ ہر رعایت اسکو ڈرتا ہی جو خدا سے | (آسانیاں ہیں اسکو پرہیزگار جو ہی)

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ تم اُسی پاس جمع ہو گے

ڈرتے رہو خدا سے یہ بات جانے بوجھے | اسکے حضور میں تم حاضر ضرور ہو گے

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اور بعضا آدمی ہے کہ خوش آوے تجھکو بات اُسکی دنیا کی زندگی میں

انسانوں میں سے بعضا ایسا ہے ایک بندہ | تمکو پسند تر ہے دنیا میں قول جس کا

وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ

اور گواہ پکڑتا ہے اللہ کو اپنے دل کی بات پر

جو کچھ ہے اسکے دل میں فتنہ فساد برپا | اللہ کو اُسی پر ہے وہ گواہ لاتا

وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ

اور وہ سخت جھگڑالو ہے

حالانکہ وہ ہے دشمن سب سے بڑا تمہارا | سب سے زیادہ ظالم جھگڑالو ہی غضب کا

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا

اور جب پیٹھ پھیرے دوڑتا پھرے ملک میں کہ اس میں ویرانی کرے

جب پیٹھ پھیرتا ہے کوشش یہی کرتا | سب ملک کو بندہ مارے کردے فساد برپا

وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ

اور ہلاک کرے کھیتیاں اور جانیں

انسان اور زراعت سبکو تباہ کردے | برباد نسل کردے سبکو مٹاکے دھردے

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ

اور اللہ خوش نہیں رکھتا فساد کرنا

اللہ کو ذرا بھی جھگڑا نہیں ہے بھاتا | ہے ناپسند اسکو فتنہ فساد کرنا

وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ

اور جب کہے اللہ سے ڈر تو کھینچ لادے اُسکو غرور گناہ پر

اور جب کہا ہے اُس سے (ظالم) خدا سے تو ڈر | تو ہیکڑی گناہ کی چھا گئی ہے اُس پر

فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

پھر بس ہے اُس کو دوزخ اور بُری تیاری ہے

(اِس درجہ لعنتی) تو دوزخ ہی کا ہو ٹھا اور وہ بُری جگہ ہے بیحد بُرا ٹھکانا

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ

اور کوئی آدمی بیچتا ہے اپنی جان کو تلاش کرتا خوشی اللہ کی

انسانوں میں سے (بیشک) ایک ایسا ہی ہوگا جو جان بیچتا ہی اللہ کی رضا پر

وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

اور اللہ شفقت رکھتا ہے بندوں پر

اللہ تو بہت ہی بندونپہ مہربان ہی شفقت ہی اُنکی سب پر کل کا نگہبان ہی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَاۗفَّةً

اے ایمان والو داخل ہو مسلمانی میں پورے

اے دیندارو (اپنی تعداد کو بڑھاؤ) سب مل کے پورے پورے اسلام میں تم آؤ

وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ

اور مت چلو قدموں پر شیطان کے

شیطان کے قدم پر لیکن قدم نہ رکھنا (اُسکی روش بُری ہے تم پیروی نہ کرنا)

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

وہ تمہارا صریح دشمن ہے

بیشک تمہارا دشمن ہے وہ کھلا کھلا (اس سے بچاؤ خود کو ہشیار اُس سے رہنا)

فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ

پھر اگر ڈگنے لگو بعد اسکے کہ پہنچے تمکو صاف حکم

پھر بھی کرو جو لغزش پھر بھی جو کھاؤ ٹھوکر بعد اُسکے آچکی جب واضح دلیلیں تم پر

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

تو جان رکھو کہ اللہ زبردست ہے حکمت والا ہے

تو یہ سمجھ لو وہ رب معدن ہی حکمتوں کا قوت بڑی ہی اُسکی مجموعہ طاقتوں کا

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ

کیا لوگ یہی انتظار رکھتے ہیں کہ آوے اُنپر اللہ ابر کے سائبانوں میں

کیا اسکے منتظر ہیں وہ زعم میں ہیں اہل کے؟ | سائے میں بادلونکے اللہ اُن تک آئے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ط

اور فرشتے اور فیصل ہووے کام

اور سب فرشتے اسکے بن جائیں اک پرسا | آجائے پھر قیامت چک جائے سارا قصہ

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

اور اللہ ہی کی طرف رجوع ہیں سب کام

حالانکہ کام سارے ہیں منتہی خدا تک | ہے بازگشت انکی اُس پاک کبریا تک

سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ

پوچھ بنی اسرائیل سے کتنی ہم نے دیں آیتیں اُن کو واضح

موسائیوں سے پوچھو تم (پوچھ کر تو دیکھو) | کیا کیا نشانیاں دیں روشن نہ ہم نے اُن کو

وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ

اور جو کوئی بدل ڈالے اللہ کی نعمت بعد اسکے کہ پہنچ چکی تھی اسکو

پھر جو کوئی ہو ایسا جو نعمت خدا کے | آنے کے بعد اُسکو وہ کچھ کا کچھ بدل دے

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

تو اللہ کی مار سخت ہے

تو تو۔ خدا کا غصہ پھر سخت ہے غضب کا | (پھر اسکی مار۔ ہے ہی اسکا عذاب توبہ!)

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

رجھایا ہے منکروں کو دنیا کی زندگی پر

کفار کی نظر میں تو زندگی دنیا | بڑھ چڑھ کے ہے دکھائی زینت کدہ ہے گویا

وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا م

اور ہنستے ہیں ایمان والوں سے

اور مومنوں کے اوپر ٹھٹھے اڑاتے ہیں وہ | خود اپنی فوقیت پر اتراتے جاتے ہیں وہ

وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور پرہیزگار اُن سے اوپر ہوں گے قیامت کے دن

حالانکہ متقی ہیں در اصل اُن سے بہتر | فوقیت اُنکو ہوگی اُن پر بروزِ محشر

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

اور اللہ روزی دیوے جسکو چاہے بیشمار

اللہ تعالیٰ بیشک ، روزی رساں ہے سبکا | وہ چاہتا ہے جس کو بے حساب دیتا

كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً

تھے لوگوں کا دین ایک

تھے ابتداء میں یکساں لوگونکی ایک تھی ملت | سب کا تھا دین واحد سب کی تھی ایک حالت

فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ

پھر بھیجے اللہ نے نبی خوشی اور ڈر سنانے

(جب بگھرے وہ) تو رب نے پیہم رسول بھیجے | خوش خبری دینے والے حق سے ڈرانے والے

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

اور اتاری اُن کے ساتھ کتاب سچی

لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

کہ فیصل کرے لوگوں میں جس بات پر کہ جھگڑا کریں

پھر اُن کے ساتھ اُتاری سچی کتاب جس نے | تاکہ چکا دیں جھگڑا جسمیں تھے وہ جھگڑتے

وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ

اور کتاب میں جھگڑا ڈالا نہیں مگر انھوں نے جن کو ملی تھی

اور اختلاف جو تھا وہ تھا انہیں کا شوشہ | جنکو کتاب دی تھی جھگڑا انہوں نے ڈالا

مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ

بعد اس کے کہ جن کے پاس پہنچ چکا حکم آپس کی ضد سے

آپس کی ضد سے ڈالیں اُن بن کی پھر کر سبیلیں | احکام آئے پیچھے کرنے لگے دلیلیں

فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

پھر اب راہ دی اللہ نے ایمان والوں کو اس ہی بات کی جس میں وہ جھگڑ رہے تھے

اللہ نے پھر ان کو وہ راہ حق دکھا دی — جس میں جھگڑتے تھے وہ (حجت ہی مٹا دی)

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ

اپنے حکم سے

یہ حکم تھا اسی کا (اسکا ہی تھا اشارا) — (سب اختلاف مٹے پھر مل گئے دوبارا)

وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

اور اللہ جس کو چاہے چلائے سیدھی راہ

اللہ جس کو چاہے لیجائے سیدھے رستے — (افضال ہیں یہ اسکے جو راہ راست بخشے)

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ

کیا تم کو خیال ہے کہ جنت میں چلے جاؤ گے

کیا زعم ہے یہ تمکو جنت میں جا رہو گے — (اچھے عمل کیے بن تم اسکو لے ہی لو گے؟)

وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ

اور ابھی تم پر آئے نہیں احوال انکے جو آگے ہو چکے تم سے

(حالانکہ) تم پہ اب تک ویسی نہیں پڑی ہے — جو تم سے پہلے لوگوں کے دم پر آبنی ہے

مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا

پہنچی ان کو سختی اور تکلیف اور جھڑ جھڑائے گئے

افلاس ان پہ چھایا تکلیفیں بھی اٹھائیں — انکو ہلا ہی مارا (غم کی گھٹائیں چھائیں)

حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

یہاں تک کہ کہنے لگا رسول اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے

حتیٰ کہ خود پیمبر اور انکے ساتھ والے — ایمان دار جو تھے یک لخت چیخ اٹھے

مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ

کب آوے گی مدد اللہ کی

اللہ کی مدد وہ کب آئے گی خدایا — (اس پاک کبریا نے جس کا کیا تھا وعدہ)

أَلَآ إِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيبٌ ۝

سن رکھو مدد اللہ کی نزدیک ہے

مدد خدا کی اب آلی کی ہو آئی	(اب وقت آ لگا ہے جیسے سنی دہائی)

يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ ۝

تجھ سے پوچھتے ہیں کیا چیز خرچ کریں

جو تم سے پوچھتے ہیں، کیا راہ حق میں خرچیں	(کیا دیں خدا کے رستے؟ کیا اسکی ہیں سبیلیں؟)

قُلْ مَآ أَنفَقْتُم مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَٰلِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ

تو کہہ جو چیز خرچ کرو فائدے کی جو ماں باپ کو اور نزدیک ناطے والوں کو

کہدو کہ مال ہیں ہو۔ تقسیم اس طرح سے	ماں، باپ دب کے پہلے، پھر رشتے کنبے والے

وَٱلْيَتَٰمَىٰ وَٱلْمَسَٰكِينِ وَٱبْنِ ٱلسَّبِيلِ

اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور راہ کے مسافروں کو

پھر ہیں یتیم و مسکیں، محتاج اور مسافر	(رہوں جو غریب غربا درماندہ انکو دوپھرا)

وَمَا تَفْعَلُوا۟ مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِهِۦ عَلِيمٌ ۝

اور جو کرو گے بھلائی سو وہ اللہ کو معلوم ہے

جو کچھ کرو گے نیکی اللہ جانتا ہے	(سب اسکے علم میں ہے نیت کا آشنا ہے)

كُتِبَ عَلَيْكُمُ ٱلْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ

حکم ہوا تمکو لڑائی کا اور بری لگتی ہے تم کو

واجب کیا گیا ہے تم پر جہاد کرنا	(حالانکہ وہ کھلیگا وہ تمکو شاق ہوگا)

وَعَسَىٰٓ أَن تَكْرَهُوا۟ شَيْـًٔا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ

اور شاید کہ تم کو بری لگے ایک چیز اور وہ بہتر ہو تمکو

اور کیا عجب؟ جو اک شی تمکو بری ہو لگتی	وہ ہی تمہارے حق میں اچھی ہو بہتری کی

وَعَسَىٰٓ أَن تُحِبُّوا۟ شَيْـًٔا وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ

اور شاید تم کو خوش لگے ایک چیز اور وہ بری ہو تم کو

اور کیا عجب؟ جو اک شے تمکو بھلی ہو لگتی	وہ ہی تمہارے حق میں بد ہو۔ بری بہت ہی

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

ان باتوں کا خدا ہی کو علم ہے (سمجھ لو) | جو اُسکے علم میں ہے تم جانتے نہیں ہو

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ

تجھ سے پوچھتے ہیں حرام کے مہینے کو اس میں لڑائی کرنی

جو تم سے پوچھتے ہیں یہ (کیا حکم ہے خدا کا) | ہے محترم مہینوں میں کیسا جنگ کرنا

قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ

کہہ لڑائی اس میں بڑا گناہ ہے

کہدو گنہ کبیرہ ہے ان میں جنگ کرنا | (راہِ ادب ہیں وہ سب ایمیں کبھی نہ لڑنا)

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

اور روکنا اللہ کی راہ سے اور اسکو نہ ماننا اور مسجد حرام سے روکنا

راہِ خدا کی بندش انکار ذاتِ حق سے | مسجد جو محترم ہے محروم کرنا اس سے

وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

اور نکال دینا اس کے لوگوں کو وہاں سے اس سے زیادہ گناہ ہے اللہ کے ہاں

اور جو وہاں ہوں بستے انکو نکال دینا | نزدیک اس خدا کے سب ہیں گنہ کبیرا

وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ

اور دین سے بچلانا مار ڈالنے سے زیادہ ہے

فتنہ فساد تو ہے خونریزی سے بھی بڑھکر | (بیشک یہ مفسدہ پن ہے قتل سے فزوں تر)

وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ

اور وہ تو لگے ہی رہتے ہیں تم سے لڑنے کو یہاں تک کہ تم کو پھیر دیں تمہارے دین سے اگر مقدور ہو

(کفار) تو ہمیشہ لڑتے رہینگے جم کے | تمپر جو دسترس ہو پلٹا دیں دین حق سے

وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ

اور جو کوئی پھرے گا تم میں اپنے دین سے پھر مر جائے گا کفر ہی پر

اور تم میں سے جو کوئی دین سے ہی پھر گیا | (حالت میں کفر ہی کی جو شخص مر رہیگا)

فَاُولٰٓئِکَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

تو ایسوں کے ضائع ہوئے عمل دنیا اور آخرت میں

تو ایسے لوگوں کے اعمال ہیں وہ غارت — دنیا و آخرت میں سب جائینگے اکارت

وَاُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ

اور وہ آگ والے ہیں اور اس میں رہ پڑے

یہ ہی جہنمی ہیں - اپنا کیا بھرینگے — دوزخ ہی ہے ٹھکانا انہیں ہی وہ رہینگے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور لڑے اللہ کی راہ میں

ایمان جو ہیں لائے ہجرت بھی کی لڑے بھی — (راہِ خدا میں لڑ کر جیتے ہیں مر کے بھی

اُولٰٓئِکَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ

وہ امیدوار ہیں اللہ کی مہر کے

امیدوارِ رحمت یہ ہی تو ہیں خدا کے — (یہ ہی ہیں خاص بندے اللہ کے دلارے)

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

بیشک خدا تعالیٰ رحمت میں ہے نرالا — بخشش کا وہ دھنی ہے بے حد ہے رحم والا

يَسْـَٔلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ

تجھ سے پوچھتے ہیں حکم شراب کا اور جوئے کا

تم سے شراب (پینے) اور کچھ جوئے کی بابت — جو لوگ پوچھتے ہیں (حلت ہی یا کہ حرمت)

قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ کَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ

تو کہہ ان میں گناہ بڑا ہے اور فائدے بھی ہیں لوگوں کو

کہدو - گناہ دونوں میں ہے بڑا (نمایاں) — اور فائدے بھی کچھ ہ لوگوں کے انمیں پنہاں

وَاِثْمُهُمَآ اَکْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ

اور ان کا گناہ فائدے سے بڑا

لیکن گناہ ان کا ہے فائدوں سے بڑھ کر — (اس چیز کو سمجھ لو جو عقل کا ہے جوہر)

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ قُلِ الْعَفْوَ ؕ

اور پوچھتے ہیں تجھ سے کیا خرچ کریں تو کہہ جو افزود ہو

جو تم سے پوچھتے ہیں خیرات کے طریقے
کہدو - کہ جو ہو زائد جائز ضرورتوں سے

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے حکم

اور بس اسی طرح سے وہ پاک رب اعلیٰ
احکام اپنے تمکو ہے کھول کر بتاتا

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۙ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ

شاید تم دھیان کرو دنیا میں بھی اور آخرۃ میں بھی

دُنیا و آخرت کے بارے میں تاکہ سوچو
(ہو امتیاز حاصل کچھ غور و فکر سیکھو)

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ

اور پوچھتے ہیں تجھ سے یتیموں کا حکم تو کہہ کہ سنوارنا ان کا بہتر ہے

جو پوچھتے ہیں تم سے بہر یتیم (مضطر)
کہدو کہ جتنی اُن کی اصلاح ہو وہ بہتر

وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ

اور اگر خرچ ملا رکھو ان کا تو تمہارے بھائی ہیں

جو اُن کا خرچ رکھو اپنیں تم ملا کر
تو بھائی ہیں تمہارے نبھ جائے گی برابر

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ

اور اللہ کو معلوم ہے خرابی کرنے والا اور سنوارنے والا

(اللہ کی نظر میں ہر شے الگ تھلگ ہے)
مفسد کو مُصلح سے وہ پہچانتا الگ ہی

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ

اور اگر چاہتا اللہ تم پر مشکل ڈالتا

(بہتر ہے اُس خدا کو آسانیوں کا منشا)
ورنہ وہ چاہتا جو سختی میں ڈالدیتا

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

اللہ زبردست ہے تدبیر والا

بیشک خدا تعالیٰ قوت میں فرد یکتا
ہے وہ حکیم مطلق مخزن ہی حکمتوں کا

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ

اور نکاح میں نہ لاؤ شرک والی عورتیں جبتک ایمان نہ لائیں

اور مشرک عورتوں سے ہرگز نہ عقد کرنا | ایماں نہ لائیں جبتک (تم ہاتھ بھی نہ دھرنا)

وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ

اور البتہ لونڈی مسلمان بہتر ہے کسی شرک والی سے اگرچہ تم کو خوش آوے

ایمان والی لونڈی ہے مشرکہ سے بہتر | کتنی ہی تمکو بھائے (یا جان جائے اسپر)

وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ

اور نکاح نہ کردو مشرک والوں کو جب تک ایمان نہ لاویں

عورات مسلمہ سے مشرک نہ بیاہے جائیں | اُس وقت تک کہ جبتک ایمان وہ نہ لائیں

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ

البتہ غلام مسلمان بہتر ہے کسی شرک والے سے اگرچہ تم کو خوش آوے

کتنا ہی مرد مشرک تمکو بھلا لگے پر | مومن غلام اُس سے ہر طرح پر ہی بہتر

اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۖۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ

وہ لوگ بلاتے ہیں دوزخ کی طرف اور اللہ بلاتا ہے جنت کیطرف اور بخشش کی طرف اپنی حکم سے

دوزخ کی سمت تمکو وہ دیتے ہیں بلاوا | اللہ تمکو جنت اور مغفرۃ ہے دیتا

وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ

اور بتاتا ہے اپنے حکم لوگوں کو

اور وہ خدائے برتر لوگونکو ہو سمجھاتا | احکام اپنے واضح کرکر کے ہی بتاتا

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝

شاید وہ چوکس ہو جائیں

شاید کہ ہوش آئے پہچان لیں حقیقت | (شاید کہ مان لیں وہ یا جائیں وہ نصیحت)

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ

اور پوچھتے ہیں تجھ سے حکم حیض کا تو کہہ وہ گندگی ہے

جو پوچھتے ہیں تم سے کچھ حیض کی حقیقت | کہدو - وہ گندگی ہے - اک قسم کی نجاست

فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِی الْمَحِیْضِ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰی یَطْهُرْنَ ۚ

تو حیض میں عورتوں سے الگ رہو جب تک وہ پاک نہ ہو لیں

آپ کو عورتوں سے تم حیض میں بچاؤ

جبتک پاک ہولیں وہ پاس بھی نہ جاؤ

فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَیْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ

پھر جب ستھرائی کریں تو جاؤ ان پاس جہاں سے حکم دیا تم کو اللہ نے

پھر جب نہالیں دھولیں تم ان کے پاس آؤ

حکم خدا ہے جیسا اُس طرح سے حظ اٹھاؤ

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ۝

اللہ کو خوش آتے ہیں توبہ کرنے والے اور خوش آتے ہیں ستھرائی والے

ہاں توبہ کرتے ہیں جو اور پاک رہتے ہیں جو

بیشک خدا تعالیٰ کے دوست ہیں وہی تو

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ ز

عورتیں تمہاری کھیتی ہیں جو جاؤ اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو

ہیں بیبیاں تمہاری کھیتی کے سے سمجھاؤ

تم اپنی کھیتوں میں جی چاہے جیسے آؤ

وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ

اور آگے کی تدبیر کرو اپنے واسطے

اور اپنے واسطے ہو آیندہ کا بھی سودا

اعمالِ نیک کا تم کرتے رہو ذخیرہ

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو تم کہ تم کو اس سے ملنا ہے

ڈرتے رہو خدا سے یہ بات جانے بوجھے

اُس کے حضور میں تم حاضر ضرور ہوگے

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

اور خوشخبری سنا ایمان والوں کو

اور مومنین جو ہیں خوشخبری تم سنا دو

(ایمان لائے ہیں جو اُن کا انھیں صلا دو)

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَیْمَانِكُمْ

اور نہ ٹھیراؤ اللہ کو ہتھکنڈا اپنی قسمیں کھانے کا

خالق کو روک اپنی قسموں کی مت بناؤ

ناحق یہ جھوٹی قسمیں اللہ کی نہ کھاؤ

اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَیْنَ النَّاسِ ط

کہ سلوک نہ کرو اور پرہیزگاری اور صلح درمیان لوگوں کے

اس واسطے کہ نیکی اور اتقا کو چھوڑو

آپس کی صلح جوئی کے کام بھی نہ آؤ

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

اور اللہ سنتا ہے جانتا ہے

(جو ہے تمہارے دلمیں جولب پہ آگیا ہے) اللہ پاک سب کچھ سنتا ہے جانتا ہے

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ

نہیں پکڑتا تم کو اللہ تمہاری ناکاری قسموں پر

اُن لغو قسموں کا تو کچھ مواخذہ نہ ہوگا (اگو یہ بھی ہے تمہارا بیہودہ اک طریقہ)

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ

لیکن پکڑتا ہے اس کام پر جو کرتے ہیں دل تمہارے

لیکن ضرور پکڑے گا اُس میں حق تعالےٰ جن قسموں میں تمہارا ہوگا دلی ارادہ

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝

اور اللہ بخشتا ہے تحمل والا

بیشک خدا تعالےٰ آمرزگار بھی ہے بخشش کا بھی دھنی ہے اور بردبار بھی ہے

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ

جو لوگ قسم کھا رہتے ہیں اپنی عورتوں سے ان کو فرصت ہے چار مہینے کی

ملنے کی بیبیوں سے اپنی قسم جو کھائیں وہ چار ماہ پورے پھر انتظار کھینچیں

فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

پھر اگر مل گئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے

اسمیں جو میل کریں تو بخشدے گا مولا بخشش کا وہ دھنی ہے۔ بحد ہی رحم والا

وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

اگر ٹھیرایا رخصت کرنا تو اللہ سنتا ہے جانتا ہے

اور جو ارادہ کریں پختہ طلاق ہی کا تو بھی خدا تعالےٰ واقف ہی سننے والا

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ

اور طلاق والی عورتیں انتظار کروادیں اپنے تئیں

جنکو طلاق دیدی پابند اسکی وہ ہیں وہ تین طہر تک بس آپ کو اپنے روکیں

وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِیْٓ اَرْحَامِهِنَّ

اور اُن کو حلال نہیں کہ چھپا رکھیں جو پیدا کیا اللہ نے اُن کے پیٹ میں

اُن کو نہیں یہ جائز جو وہ لگیں چھپانے | رحموں میں اُن کے جو کچھ پیدا کیا خدا نے

اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

اگر ایمان رکھتی ہیں اللہ پر اور پچھلے دن پر

یہ جب ہی جبکہ وہ سب اللہ والیاں ہوں | اللہ و آخرت پر ایمان لایاں ہوں

وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِیْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا

اور ان کے خاوندوں کو پہنچتا ہے پھیر لینا ان کا اتنی دیر میں اگر چاہیں صلح کرنی

اِس عرصہ میں جو اُن کے شوہر کریں ارادہ | تو پھیر لیں وہ اُن کو ہی اُنکا حق زیادہ

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

اور عورتوں کا بھی حق ہے جیسا کہ ان پر حق ہے موافق دستور کے

ہے عورتوں کا حق ہی مردوں کے ذمہ لیا | جیسا کہ حق نیکی ہے عورتوں پہ اُن کا

وَلِلرِّجَالِ عَلَیْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ

اور مردوں کو اُن پر درجہ ہے اور اللہ زبردست ہے تدبیر والا

ہاں مردوں کو ہے اُن پر اک قسم کی فضیلت | بیشک خدا قوی ہے اُسکی بڑی ہے حکمت

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِیْحٌۢ بِاِحْسَانٍ

طلاق ہے دو بار تک پھر رکھنا موافق دستور کے یا رخصت کرنا نیکی سے

(رجعی طلاق تو ہے دو بار پھر یہ صورت | نیکی کے ساتھ رکھ لو یا خندہ دلی سے رخصت

وَلَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ شَیْـًٔا

اور تم کو روا نہیں کہ لے لو کچھ اپنا دیا ہوا عورتوں کو

بعد طلاق تمکو یہ بھی نہیں روا ہے | کچھ اُنمیں سے جھٹک لو جو اُنکو دیدیا ہے

اِلَّآ اَنْ یَّخَافَآ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ

مگر یہ کہ دونوں ڈریں کہ نہ ٹھیک رکھیں گے قاعدے اللہ کے

اُس شکل کے سوا ہاں جب دونوں کو یہ ہو ڈر | قائم نہ رہ سکیں گے اللہ کی حدود پر

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ

پھر اگر تم لوگ ڈرو کہ وہ ٹھیک نہ رکھیں گے قاعدے اللہ کے

پھر جبکہ خوف ہوں یہ۔ دونوں کو ہو یہ کھٹکے | اللہ کی حدود پر قایم نہ رہ سکیں گے

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ

تو نہیں گناہ دونوں پر جو بدلا دے کہ چھوٹے عورت

اُس وقت دیدے عورت کچھ فدیہ اپنی بدلے | تو کچھ گنہ نہیں ہے اُن پر (کہ پیچھا چھوٹے)

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا

یہ دستور باندھے ہیں اللہ کے سو اُن سے آگے مت بڑھو

یہ ہیں حدیں خدا کی (ان سے نہ آگے بڑھنا) | (باندھی ہوئی خدا کی۔ اِن سے نہ تم گذرنا)

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

اور اگر کوئی بڑھ چلے اللہ کے قاعدوں سے سو وہی لوگ ہیں گنہگار

اور جو کہ بڑھ چلیں گے اللہ کی حدوں سے | ظالم ہیں وہ یقیناً وہ ہی ہیں ظلم والے

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ

پھر اگر اُسکو طلاق دی تو اب حلال نہیں اسکو وہ عورت

جب تیسری دفعہ بھی عورت طلاق پائے | اُس مرد پر نہ ہو گی عورت حلال پھر کے

مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ

اس کے بعد جب تک نکاح نہ کرے کسی خاوند سے اسکے سوائے

جب تک کہ دوسرے سے عقد اُسکا پھر نہ ہو گا | (جبتک کہ بن نہ جائے وہ دوسرے کی زوجہ

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ

پھر اگر وہ شخص اسکو طلاق دے تب گناہ نہیں ان دونوں کو کہ پھر مل جائیں

پھر دوسرا بھی شوہر۔ خوش خوش طلاق دیدے | اور پہلا شوہر اور وہ پھر یہ سمجھ لیں مل کے

اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ

اگر خیال کریں کہ ٹھیک رکھیں گے قاعدے اللہ کے

اللہ کی حدوں سے اب ہم نہ ہونگے باہر | پھر جو رجوع کریں تو جرم کیا ہے اُن پر؟

وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ

اور یہ دستور باندھے ہیں اللہ کے. بیان کرتا ہے واسطے جاننے والوں کے

یہ ہیں حدیں خدا کی (انکو وہ رب علیٰ) | اُن لوگوں کے لئے ہو روشن بیان کرتا

(جو خانہ داری کی ہیں ہر مصلحت میں پر کے) | جو ہیں شعور والے جو ہیں سمجھنے والے

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

اور جب طلاق دی تم نے عورتوں کو پھر پہنچیں اپنی عدت تک

جب تم نے عورتوں کو بیتی طلاق دیدی | عدت بھی انکی پوری ہو جانیکو ہوائی

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ

تو رکھ لو ان کو دستور سے یا رخصت کرو ان کو دستور سے

دستور کے موافق یا انکو روک ہی لو | نیکی کے ساتھ یا تم پھر انکو چلتا کردو

وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا

اور مت بند کرو اُن کے ستانے کو یا زیادتی کرو

لیکن جو روکنا ہو - نیت نہ ہو ضرر کی | کچھ زیادتی نہ کرنا دل میں ہو نہ برائی

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ

اور جو کوئی یہ کام کرے اس نے برا کیا اپنا

پھر جو دغا کرے گا - ایسا اگر کریگا | اپنا ہی کھوئے گا کچھ آپ پہ ظلم ہو گا

وَلَا تَتَّخِذُوْا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا

اور مت ٹھیراؤ حکم اللہ کے ہنسی

آیات کی خدا کے ہنسیاں تو مت اڑاؤ | یہ کھیل کچھ نہیں ہے تم انکو نہ سمجھو

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اور یاد کرو احسان اللہ کا جو تم پر ہے

احسان جو خدا نے تم پر کئے ہیں پیہم | ہر وقت یاد رکھو مشکور ہو (برابر)

وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ

اور وہ جو اتاری تم پر کتاب اور کام کی باتیں

اور یہ بھی یاد رکھو اُس رب کی تم عنایت | نازل کی اُس نے تم پر کیسی کتاب و حکمت؟

يَعِظُكُمْ بِهٖ
کہ تم کو سمجھائے
تاکہ وہ اس ذریعہ تمکو کرے نصیحت
(افضال کبریا ہیں رحمت پہ ہی یہ رحمت)

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ
اور جان رکھو کہ اللہ سب چیز جانتا ہے
ڈرتے رہو خدا سے یہ بات جانے کو سمجھ
وہ سب کا باخبر ہے سب کچھ وہ جانتا ہی

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ
اور جب طلاق دی تم نے عورتوں کو پھر پہنچ چکیں اپنی عدت کو
جب تم نے عورتوں کو بھی طلاق دیدی
عدت بھی انکی پوری ہو جانے کو ہو آئی

فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ
تو اب نہ روکو انکو کہ نکاح کرلیں اپنے خاوندوں سے جب راضی ہو جائیں آپس میں موافق دستور کے
پھر جس سے بھی وہ چاہیں نیکی سے عقد کرلیں
مت روکو انکو ہرگز مختار اپنی وہ ہیں

ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
یہ نصیحت ملتی ہے اسکو جو کوئی تم میں یقین رکھتا ہے اللہ پر اور پچھلے دن پر
تم میں سے یہ نصیحت اسکے لیے ہے اظہر
ایمان جو ہو لایا اللہ و آخرت پر

ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ
اسی میں سنوار زیادہ ہے تم کو اور ستھرائی
پاکیزگی صفائی کی بات ہے سراسر
یہ واسطے تمہارے ہر طرح سے ہی بہتر

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ
اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے
اسمیں جو مصلحت ہی پہچانتے نہیں ہو
اللہ جانتا ہے تم جانتے نہیں ہو

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ
اور لڑکے والیاں دودھ پلادیں اپنے لڑکوں کو دو برس پورے
(اور جو مطلقہ ہوں بچونکی ہوں جو مائیں
وہ دودھ انکو پورے دو سال تک پلائیں

وَلِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۚ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

جو کوئی چاہے کہ پوری کرے دودھ کی مدت اور لڑکے والے پر ہے کھانا اور پہننا انکا موافق دستور کے

جو مدت رضاعت پوری کرانی چاہے | وہ (باپ) نان نفقہ بھی ماؤں کا اٹھائے

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

تکلیف نہیں اس شخص کو مگر جو اس کی گنجائش ہے

وسعت سے بڑھ کے کوئی تکلیف نہ پائے | جو جسکا دسترس ہو اتنا ہی بوجھ اٹھائے

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ ۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۚ

نہ ضرر چاہے ماں اپنی اولاد کا اور نہ لڑکے والا اپنی اولاد کا

نہ ماں کو کچھ ضرر ہو بچے کے ارتکے ہیں | نقصان باپ پائے نہ اسکے مخمصے ہیں

وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ

اور وارث پر بھی یہی ذمہ ہے

جو باپ کا ہو وارث قائم مقام اسکا | یہ حکم ہے یقیناً اسکے ہی ذمے دیا

فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ

پھر اگر دونو چاہیں دودھ چھڑانا آپس کی رضا سے اور مشورت سے تو انکو نہیں گناہ

ماں باپ پھر جو چاہیں آپس کے مشورے سے | جو دودھ بڑھائیں تو دوش کیا ہے ان پے

وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اور اگر تم مرد چاہو کہ دودھ پلوالو اپنی اولاد کو تو تم پر نہیں ہے گناہ

یہ ہو اگر ارادہ کہ دے دودھ اور دایہ | تو بھی گنہ نہیں کچھ ایسا ہی وہ تمہارا

اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ

جب حوالے کر دیا جو تم نے دینا ٹھہرایا تھا موافق دستور کے

ہی شرط یہ کہ جو کچھ دستور چاہتا ہو | دایہ کو جو دیا ہو۔ بچے کی ماں کو بھی دو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

اور ڈرو اللہ سے اور جان رکھو اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے

اور تم ڈرو خدا سے اور یہ بھی جانتا ہے | جو کچھ کہ کرتے ہو تم اللہ دیکھتا ہے

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا

اور جو لوگ مرجاویں تم میں اور چھوڑ جاویں عورتیں

تم میں سے جو کہ مرکر ازواج چھوڑ جائیں | (بیوائیں) اُنکی عدسے باہر نکل آئیں

يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا

اور انتظار کروادیں اپنے تئیں چار مہینے اور دس دن

وہ چار ماہ دس دن آپ کو روکیں | نیکی کے ساتھ اپنی عدت کے دن گذاریں

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

پھر جب پہنچ چکیں اپنی عدت کو تم پر گناہ نہیں جو وہ اپنے حق میں کریں موافق دستور کے

پھر جبکہ اُنکی عدت پوری ہو (پھر باہر ہیں) | تم پر گنہ نہیں کچھ اپنے لیے جو کریں

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ○

اور اللہ کو تمہارے کام کی خبر ہے

ہر شئے سے ہی وہ واقف ہر ذرہ پر نظر ہے | جو کچھ کہ کرتے ہو تم اللہ باخبر ہے

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

اور گناہ نہیں تم پر جو پردے میں کہو پیغام نکاح کا عورتوں کو یا چھپا رکھو اپنے دل میں

اِن عورتوں کو تم بیں جو پیام دو تم | یا دل میں چھپاتے نسبت کی ٹھان لو تم

عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ

معلوم ہے اللہ کو کہ تم البتہ ان کا دھیان کروگے

اللہ جانتا ہے تم کو لگن ہے انکی | تمکو خیال آئے پر آئے ہی یقینی

وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا

مگر وعدہ نہ رکھو ان سے چھپ کر مگر یہی کہ کہدو ایک بات جسکا رواج ہے

لیکن نہ حتمی وعدہ مگھم میں ان سے لینا | کہنا ہو تو اشارہ جائز طریقے دینا

وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ

اور نہ باندھو گرہ نکاح کی جب تک پہنچ چکے حکم اللہ کا اپنی مدت کو

قصد نکاح اُن سے اسوقت تک نہ کریے | جبتک کہ عدت انکی اتمام کو نہ پہنچے

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

اور جان رکھو کہ اللہ کو معلوم ہے جو تمہارے دل میں ہے

اور یہ سمجھو لو بیشک اللہ جانتا ہے | جو ہے تمہارے دل میں سب اُسپہ آئینہ ہے

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ

تو اس سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ بخشتا ہے تحمل والا

ہاں اس سے خوف کھاؤ یہ بات جانے ہو | بیشک خدا ہے رحم اور بردبار بھی ہے

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ

گناہ نہیں تم پر اگر طلاق دو تم عورتوں کو جب تک یہ نہیں کہ اُنکو ہاتھ لگاؤ

اور یہ گناہ نہیں کچھ اُنکو طلاق دیدو | جن عورتوں کو تم نے بالکل چھوا نہیں ہو

اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ښ

یا مقرر کیا ہو | ان | کا کچھ | حق

یا حق مہر انکا ٹھیرا نہ تم چکے ہو | جب بھی نہیں ہو ملزم دیدی طلاق دیدو

وَّمَتِّعُوْهُنَّ

اور ان کو خرچ دو

البتہ انکو جو کچھ ہو فائدہ کرادو | نیکی کے طور اُنسے کردو سلوک جو ہو

عَلَي الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَي الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ

اور وسعت والے پر اُسکے موافق ہے اور تنگی والے پر اسکے موافق

مقدور والا جو دے وہ اپنی حوصلے سی | مفلس غریب اپنی پونجی کے آسرے سے

مَتَاعًۢا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَي الْمُحْسِنِيْنَ

جو خرچ دستور ہے لازم ہے نیکی والوں پر

سلوک اُن سے ہونا گو یا ہر طبق ہی | احسان جن کا شیوہ ہے انپہ یہ بھی حق ہے

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً

اور اگر طلاق دو اُنکو ہاتھ لگانے سے پہلے اور ٹھیرا چکے ہو اُن کا حق تو لازم ہوا

چھونے سے پہلے انکو جو تم طلاق دیدو | اور مہر بھی تم انکا ٹہرا چکے ہو دیکھو (پھر تو)

فَنِصۡفُ مَا فَرَضۡتُمۡ

تو لازم ہوا آدھا جو کچھ ٹھیرایا تھا

(یہ شکل ہو) تو تم نے ٹھیرا لیا ہی جتنا نصف اسکا تمہارے ذمے۔ دینا پڑیگا آدھا

اِلَّآ اَنۡ يَّعۡفُوۡنَ اَوۡ يَعۡفُوَا الَّذِىۡ بِيَدِهٖ عُقۡدَةُ النِّكَاحِ‌ؕ

مگر یہ کہ در گذر کریں عورتیں یا در گذر کرے جس کے ہاتھ گرہ ہے نکاح کی

لیکن جو عورتیں ہی خود چھوڑ بیٹھیں خوشی یا وہ معاف کردے مختارِ عقد جو ہے

وَاَنۡ تَعۡفُوۡۤا اَقۡرَبُ لِلتَّقۡوٰىؕ

اور تم مرد در گذر کرو تو قریب ہے پرہیزگاری سے

جو تم معاف کردو دے ڈالو مہر پورا پرہیزگاری سے یہ نزدیک ہی زیادہ

وَلَا تَنۡسَوُا الۡفَضۡلَ بَيۡنَكُمۡ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ

اور نہ بھلا دو بڑائی رکھنی آپس میں تحقیق اللہ جو کرتے ہو سو دیکھتا ہے

مت بھولنا بڑائی آپس کی ناروا ہی بیشک جو کرتے ہو تم اللہ دیکھتا ہے

حَافِظُوۡا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الۡوُسۡطٰى

خبردار رہو نمازوں سے اور بیچ والی نماز سے

(ہاں تم کو سب نمازوں کی چاہیے حفاظت) تاکید ہی نماز وسطیٰ کی (بالبداہت)

وَقُوۡمُوۡا لِلّٰهِ قٰنِتِيۡنَ

اور کھڑے رہو اللہ کے سامنے ادب سے

اور تم حضور رب میں استادہ ہو ادب سے (ہو اتصال اس سے۔ اور انقطاع سب سے)

فَاِنۡ خِفۡتُمۡ فَرِجَالًا اَوۡ رُكۡبَانًا‌ ۚ

پس جب وقت چین پاؤ تو یاد کرو اللہ کو

جب خوف ہو کسی کا اسوار ہو کہ پیدل جس طرح سے ادا ہو پڑھ لو نماز (اول)

فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ

پھر جس وقت چین پاؤ تو یاد کرو اللہ کو جیسا تمکو سکھایا ہے جو تم نہ جانتے تھے

پھر جبکہ امن پاؤ یاد خدا ہو ویسے | جیسا سکھایا اُس نے جو تم نہ جانتے تھے

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ

اور جو لوگ تم میں مر جاویں اور چھوڑ جاویں عورتیں وصیت کردیں اپنی عورتوں کو

تم میں جو مرنے والے ازواج چھوڑ جائیں | (بیواؤں کے لئے وہ یہ لفظ کہہ جائیں)

مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ

خرچ دینا ایک برس تک نہ نکال دینا اُن کا

گھر سے نکالی جائیں۔ کوئی نہ اُٹھائیں (دکھیا) | اور سال بھر کا اُن کو مل جائے روٹی کپڑا

فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ

پھر اگر وہ نکل جائیں تو گناہ نہیں تم پر جو کچھ اپنے حق میں کریں دستور کی بات

پھر جو نکل کھڑی ہوں از خود تو دوش ہی کیا ہے | تم بے خطا ہو اسمیں جو چاہیں کرلیں اپنا

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

اور اللہ زبردست ہے حکمت والا

(بیشک خدا پہ ہر شے واضح ہی اور روشن) | قوت بڑی ہے اُسکی ہے حکمتوں کا معدن

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ

اور طلاق والیوں کو خرچ دینا ہے موافق دستور کے لازم ہے پرہیزگاروں کو

جن کو طلاق دیجائے زیبا ہی اُنکو دیجو | (کچھ مہر سے بھی زیادہ) حق متقین کا ہی

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ

اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے واسطے اپنی آیتیں

اور بس اسی طرح سے تمکو وہ ربّ اعلیٰ | اپنی نشانیاں ہیں ظاہر تمہیں دکھاتا

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ

شاید تم بوجھ رکھو

(تاکہ سمجھ ہو تمکو کچھ سوجھ بوجھ آئے بن جاؤ تاکہ شاید تم لوگ عقل والے

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ

تو نے نہ دیکھے وہ لوگ جو نکلے اپنے گھروں سے اور وہ ہزاروں تھے موت کے ڈر سے

تمنے انہیں بھی دیکھا جو تھے ہزار (بندے) جو کہ گھروں سے نکلے تھے موت کے خطرے

فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ

پھر کہا ان کو اللہ نے مرجاؤ پیچھے ان کو جلا دیا

فرمایا اُن سے رب نے مرجاؤ مرگئے وہ پھر جب اُنہیں جلا یا فی الفور جی اٹھے وہ

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ

بیشک اللہ تو فضل کرتا ہے لوگوں پر لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے

ہے مہرباں خدا تو بندوں پہ ہر طرح سے لیکن جو شکر بھیجیں ایسے بہت ہیں تھوڑے

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْا

اور لڑو اللہ کی راہ میں اور جان لو کہ

راہ خدا میں (بیشک) کفار سے لڑو تم (دل میں سمجھ لو آتا یہ بات جان لو تم)

اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

اللہ سنتا ہے جانتا ہے

بیشک خدا تعالےٰ سنتا ہے جانتا ہے (سب اسکی ہے نظر میں سب اسپہ آئینہ ہے)

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗۤ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً

کون شخص ہے ایسا کہ قرض دے اسکو اچھا قرض کہ وہ اسکو دونا کردے دُگنے برابر

ہے کوئی! جو خدا کو دیتا ہو قرض حسنہ اُسکے لئے وہ مالک کردیگا پھر بہت سا

وَاللّٰہُ یَقۡبِضُ وَیَبۡصُۜطُ وَاِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ

اور اللہ تنگی کرتا ہے اور کشائش اور اُسی پاس الٹے جاؤ گے

تنگی فراخ دستی۔ دونوں ہیں ہاتھ سے | اور تم اُسی کی جانب پھر جاؤ گے پلٹ کے

اَلَمۡ تَرَ اِلَی الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰی

تو نے نہ دیکھی ایک جماعت بنی اسرائیل میں موسے کے بعد

موسائی ایک جتھے کا (وہ جو ہے ایک قصہ) | تم نے نظر بھی ڈالی اُس پر کہ بعدِ موسے

اِذۡ قَالُوۡا لِنَبِیٍّ لَّہُمُ ابۡعَثۡ لَنَا مَلِکًا

جب کہا رسول نے نبی کو کھڑا کردے ہم کو ایک بادشاہ

جب وقت کے نبیؑ سے کہنے لگے وہ دیکھو | ہم پر ہمیں میں سے تم ایک بادشاہ بنا دو

نُّقَاتِلۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ

کہ ہم لڑائی کریں اللہ کی راہ میں

تا کہ خدا کے رستے کفار سے لڑیں ہم | (دین خدا کی نصرت اس شکل سے کریں ہم)

قَالَ ہَلۡ عَسَیۡتُمۡ اِنۡ کُتِبَ عَلَیۡکُمُ الۡقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوۡا

اور بولا کہ یہ بھی توقع ہے تم سے کہ اگر حکم ہو تم کو لڑائی کا تب نہ لڑو

بولے نبی یہ ڈر ہے۔ جو ہو جہاد کا حکم | ایسا نہ ہو جو کہدو۔ لڑتے نہیں ہیں اب ہم

قَالُوۡا وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ

بولے ہم کو کیا ہوا کہ ہم نہ لڑیں اللہ کی راہ میں

وہ بولے واہ (ہمکو اب عذر کیا ہے باقی؟) | راہ خدا کے لڑنے میں کیا چیز ہے منافی)

وَقَدۡ اُخۡرِجۡنَا مِنۡ دِیَارِنَا وَاَبۡنَآئِنَا

اور ہمکو نکالدیا ہے۔ ہمارے گھر سے۔ اور بیٹوں سے

راندے گئے وطن سے بچوں سے اپنے چھوٹے | اب بھی نہیں لڑینگے کیا ہم خدا کے رستے؟

فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ

پھر جب حکم ہوا اُن کو لڑائی کا پھر گئے مگر تھوڑے اُن میں سے

(آخر) جہاد اُن پر واجب کیا گیا جب | گنتی کے رہ گئے کچھ، باقی کے پھر گئے سب

وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ○

اور اللہ کو معلوم ہیں گنہگار

یہ اُن کا چیند کرنا سب حق پہ آمنیا ہی | اللہ ظالموں کو تو خوب جانتا ہی

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا

اور کہا اُن کو اُن کے نبی نے کھڑا کر دیا تم کو طالوت بادشاہ

اُن کے نبیؐ یہ بولے ربّ نے کیا مقرر | طالوت کو بنایا ہے بادشاہ تمہر

قَالُوا أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا

بولے کہاں ہو گی سلطنت اُسکو ہمارے اوپر

کہنے لگے کہ (آہا) وہ اور کرے حکومت؟ | ہم پر وہ حکمراں ہو کیا اُسکی تاب طاقت؟

وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ

اور ہمارا حق زیادہ ہے سلطنت میں اُس سے اور اُسکو ملی نہیں کشائش مال کی

(حالانکہ) ہم ہیں اُس سے حق دار زیادہ | کچھ مال میں ہے وسعت سنے ہر وہ ملک والا

قَالَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ

کہا اللہ نے اُسکو پسند کیا تم سے اور زیادہ کشائش دی عقل میں اور بدن میں

بولے نبی خدا نے اُسکو بڑا بنایا | علم اور جسم میں ہے وہ تمہ برگزیدا

وَاللَّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَن يَشَاءُ

اور اللہ دیتا ہے اپنی سلطنت میں جسکو چاہے

بیشک خدا تعالیٰ مختارِ کل ہے (سمجھے) | ہی اُسکا ملک اُسکا وہ جسکو چاہے بخشے

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ

اور اللہ کشائش والا ہے سب جانتا

علّام علم والا بیحد ہے اسکی وسعت (جو چاہے جسکو دیدے کسکی مجال و طاقت)

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ

اور کہا انکو ان کے نبی نے نشان ان کی سلطنت کا

یہ بھی کہا نبیؐ نے (سن لو مری یہ بانی) ہے بادشاہ ہونے کی اسکی یہ نشانی

أَنْ يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ

یہ ہے کہ آوے تمکو صندوق جس میں دلجمعی ہے تمہارے رب کی طرف سے

صندوق ایک تم تک آ جائیگا (خود بخود ہی) جس میں تمہارے رب کی جانب سے ہی تسلی

وَبَقِيَّةٌ مِمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ

اور کچھ بچی چیزیں جو چھوڑ گئے موسیٰ اور ہارون کی اولاد اٹھا لاویں اسکو فرشتے

ہارون و آل موسیٰ کے اسمیں ہیں تبرک اس ترکے کو اٹھا کر لے آئینگے ملائک

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ

اس میں نشانی پوری ہے تمکو اگر یقین رکھتے ہو

مومن جو ہو تمکو اس میں ہی ہی نشانی (توریت ہو اسی میں پاؤ گے کامرانی)

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ قَالَ إِنَّ اللَّهَ مُبْتَلِيكُمْ بِنَهَرٍ

پھر جب باہر ہوا طالوت فوجیں لیکر کہا اللہ تمکو آزماتا ہے ایک نہر سے

طالوت پھر چلا جب فوجوں کو لیکے اپنی بولا کہ دار آزمایش مقصود ہی تمہاری

(اک نہر راہ میں ہو تم لوگ صبر کرنا) اس نہر سے تمہارا رب امتحان لیگا

فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي وَمَنْ لَمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي

پھر جس نے پانی پیا اسکا وہ میرا نہیں اور جس نے اسکو نہ چکھا وہ ہے میرا

جو اسمیں سے پئیگا مجھ سے نہیں وہ صلا اور جو نہیں پئیگا بیشک ہی وہ ہی میرا

اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ

مگر جو کوئی بھرے ایک چلو اپنے ہاتھ سے

ایک آدھ کوئی چلو پی لے (جو تھوڑا سا) | اپنی ہتھیلی بھر لے اسکا مضائقہ کیا؟

فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ

پھر پی گئے اس کا پانی مگر تھوڑے ان میں سے

آخر پیا سبھوں نے اس میں سے ڈگ ڈگا کے | معدود چند تھے وہ جو رہ گئے تھے پیاسے

فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

پھر جب پار ہوا وہ اور ایمان والے ساتھ اسکے

پھر وہ اور اسکے ساتھی ایماندار جو تھے | پار اترے نہر کے جب تو پینے والے بولے

قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ

کہنے لگے قوت نہیں ہم کو آج جالوت کی اور اسکے لشکروں کی

اب آج تو نہیں ہے لڑنیکی ہم میں طاقت | جالوت اور اسکی فوجوں سے (کب ہے ہمت)

قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ

بولے جن کو خیال تھا کہ ان کو ملنا ہے اللہ سے

لیکن جنہیں یقین تھا مومن تھے جو وہ بولے | رب کے حضور میں ہم حاضر ضرور ہونگے

كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ

بہت جگہ جماعت تھوڑی غالب ہوئی ہے جماعت بہت پر اللہ کے حکم سے

حکم خدا سے اکثر (ایسا ہی تو ہوا ہے) | تھوڑوں کا غلبہ اکثر بہتوں پہ ہو گیا ہے

وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

اور اللہ ساتھ ہے ٹھہرنے والوں کے

حملہ کرو یقیناً حملے کا وقت یہ ہے) | بیشک خدا تعالیٰ ہے ساتھ صابروں کے

وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا

اور جب سامنے ہوئے جالوت کے اور اسکی فوجوں کے بولے

جالوت اور اسکی فوج پہ جب بڑھے وہ | جو مومنین تھے پھر اس طرح بول اٹھے وہ

قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا

بولے اے رب ہمارے ڈالدے ہم میں جتنی مضبوطی اہے۔

اے ربّ ہمارے ہم پہ تو صبر کو بہادے | دے ہمکو استقامت ثابت قدم بنادے

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اور مدد کر ہماری اس کافر قوم پر

کفار پر الہٰی نصرت ہمیں عطا کر | اِس قوم پر ہمیں تو دے فتح ربّ اکبر

فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ

پھر شکست دی اُن کو اللہ کے حکم سے اور مارا داوُد نے جالوت کو

حکم خدا سے پھر تو دشمن کو جا بھگایا | جالوت کا سر آخر داوُد نے اڑایا

وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ

اور دی اللہ نے اُسکو سلطنت اور تدبیر اور سکھایا اُسکو جو | چاہا

اللہ نے پھر اُنکو حکمت دی سلطنت دی | جو کچھ کہ تھا مناسب ہر شے میں آگہی کی

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ

اور اگر دفع نہ کروادے اللہ لوگوں کو ایک کو ایک سے تو خراب ہو جائے ملک

(سوچو خدا کی حکمت) اور جو وہ ربّ اعلیٰ | بعضوں کو بعض سے پھر وہ دفع جو نکرتا

ہو جاتے ملک بھر مین آثار ابتری کے | سب انتظام رخصت بنتے فساد ہوتے

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ

لیکن اللہ فضل رکھتا ہے جہان کے لوگوں پر

لیکن ہیں اُس خدا کے لطف و کرم دو بالا | ہر کل جہان والوں پر فضل کرنیوالا

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

یہ آیتیں اللہ کی ہیں ہم تجھکو سناتے ہیں تحقیق اور تو بیشک رسولوں میں سے ہے

آیات ہیں خدا کی یہ ہم جو ہیں سناتے | تم ہو نبی برحق بیشک ہو مرسلوں سے

چند اسمائے گرامی

اُن علمائے جمہور اسلام کے جنہوں نے اِس دُنیا میں لاثانی منظوم ترجمہ کو پسند فرمایا اور تصدیقیں عطا کیں۔

(۱) سرکار شریعت مدار مجتہد العصر والزماں شمس العلما مولوی سیّد ناصر حسین صاحب قبلہ۔

(۲) سرکار شریعت مدار شمس العلما مولوی سیّد علی صاحب حائری مجتہد العصر پنجاب۔

(۳) عالیجناب معلّی القاب سرکار مفتیِ اعظم مولوی کفائت اللہ صاحب۔

(۴) عالیجناب معلّی القاب مولوی سیّد نجم الحسن صاحب قبلہ۔

(۵) شمس العلما مولوی عبدالرحمٰن صاحب پروفیسر علوم مشرقی مشن کالج دِلّی۔

(۶) تقدس مآب خواجہ سیّد حسن نظامی صاحب دہلوی۔

(۷) عالیجناب مُعلّی القاب مولوی میرزا البشیر الدین احمد صاحب خلیفۃ المسیح قادیان۔

(۸) عالیجناب مُعلّی القاب مولوی میرزا احمد علی صاحب قبلہ امرتسری۔

المُشتَہِر

آغا شاعر اینڈ سنز۔ ہملٹن روڈ۔ دِلّی

قرآن منزل کے جواہر پارے

یعنی دنیا میں پہلی مثال منظوم ترجمہ کلام اللہ شریف کے دیدہ زیب
اور نظر فریب مطبوعہ اجزا جو بہت تھوڑی تعداد میں اس وقت تک
موجود ہیں مگر کچھ دنوں کے بعد وہ سب کے سب ہدیہ ہو جائینگے انشاء اللہ تعالیٰ

پارہ الم ۱ — پارہ عم ۳۰ — پارہ سیقول شریف ۲

اس ترجمے کی شان یہ ہے کہ پہلے آیۂ کریمہ۔ اُس کے تحت میں
قدیم ترجمہ نثر شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی۔ پھر اُسی نثر ترجمے کو
قلمکارِ قدرت نے اُسی قوت سے نظم کر دیا ہے اور یہ قوت صرف دیکھنے
ہی سے اندازہ کی جا سکتی ہے۔

ہدیہ
عام خریداروں سے — صرف ایک روپیہ (عہ) کلدار بلا محصول
رؤسا اور خاص قدر دانوں سے — علیٰ قدرِ مراتب

المشتہر

آغا شاعر اینڈ سنز سلٹن روڈ۔ دِلّی

الامان صفدر پریس محلہ [illegible]